★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | پیر 25 محرم الحرام 1447ھ، 21 جولائی 2025ء، 6 ساون 2082ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 242

بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز کا میاآپریشن، فتنہ الہندوستان کے 4 دہشتگرد ہلاک

حملہ آوروں کو منہ توڑ جواب دے کر پولیس نے نہ صرف تھانے کو بچایا بلکہ ایک بڑے سانحے کو بھی ٹال دیا، محسن نقوی

خیبر پختونخوا پولیس کے بہادر سپوت ماضی میں بھی ملک دشمن عناصر کے حملوں کو پسپا کرتے آئے ہیں اور حالیہ کارروائی ایک اور روشن مثال ہے



کابل: افغان نائب وزیر داخلہ محمد نبی عمری اور دیگر طالبان رہنماؤں کا محسن نقوی کی کابل پہنچنے پر استقبال کیا جارہا ہے

اسلام آباد (خبر نگار) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے خیبر پختونخوا کے تھانہ بکا خیل پر بھارتی حمایت یافتہ دہشتگردوں کے حملے کو ناکام بنانے پر خیبر پختونخوا پولیس کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس نے انتہائی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور جوانمردی کا مظاہرہ کرتے ہوئے دشمن کے مذموم عزائم کو خاک میں ملا دیا۔ وزیر داخلہ نے اپنے بیان میں کہا کہ خیبر پختونخوا پولیس نے جس بہادری سے فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کا (بقیہ نمبر 5)

سینیٹ الیکشن: ناراض پی ٹی آئی امیدواروں کا کاغذات نامزدگی واپس نہ لینے کا اعلان

پشاور: (پی ایم این) خیبر پختونخوا میں سینیٹ الیکشن پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کیلئے بڑا چیلنج بن گیا ہے، ناراض ارکان کھل کر سامنے آگئے۔ پی ٹی آئی کے ناراض امیدواروں (بقیہ نمبر 3)

ہنر مند اور غیر ہنر مند پاکستانی کارکنوں کیلئے ملازمتوں کے نئے راستے کھل رہے ہیں

رواں سال 30 جون تک 3 لاکھ 37 ہزار پاکستانی روزگار کے لیے بیرون ملک روانہ ہوئے، وزارت سمندر پار پاکستانیز

ملک کی پالیسیوں کی وجہ سے غیر ملکی ملازمت کے متلاشیوں کی تعداد میں بھی روز بروز اضافہ ہو رہا ہے، اعلامیہ جاری

اسلام آباد (این این آئی) وزارت سمندر پار پاکستانیز و ترقی انسانی وسائل نے بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ (بی ائی اوای) کے ذریعے یکم جنوری سے 30 جون تک تقریباً (بقیہ نمبر 6)



اسلام آباد: وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف کی زیر صدارت اجلاس ہو رہا ہے

مون سون نے سندھ کا رخ کر لیا

موسلا دھار بارش سے نشیبی علاقے زیر آب، بجلی بند

کراچی میں سکیم 33، گڈاپ، گلستانِ جوہر، گلشنِ اقبال، شاہ فیصل کالونی، ایئرپورٹ کے اطراف سڑکیں تالاب بن گئیں

کراچی (این این آئی) مون سون بارشوں نے سندھ کا رخ کر لیا ہے، جس کے باعث کراچی سمیت مختلف شہروں میں بادل برس پڑے ہیں جس سے نظامِ زندگی بری طرح متاثر ہو گیا۔ صبح سویرے کراچی میں موسلا دھار بارش کے نتیجے میں متعدد علاقے زیرِ آب آ گئے، کراچی کے متاثرہ علاقوں (بقیہ نمبر 2)

فروغ تعلیم کیلئے شاندار منفرد منصوبہ

وزیر اعلیٰ کی اسکول آن ویل آئی کی منظوری

اسکول آن ویل میں پڑھنے والے بچوں کو کتابیں بھی مہیا کی جائیں گی۔ اسی طرح، اسکول آن ویل میں ننھے بچوں کی دلچسپی کیلئے پینٹنگ کا سامان بھی موجود ہوگا جبکہ چھوٹے بچوں کی دلچسپی کیلئے مختلف ایجوکیشنل ٹوائز بھی رکھے جائیں گے، مریم نواز

لاہور (یو این پی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے فروغ تعلیم کے لیے صوبے میں ''اسکول آن ویل، موبائل لائبریری آن ویل، موبائل لائبریری'' شروع کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ اسکول آن ویل دور دراز اور دشوار گزار علاقوں میں بچوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کرے گا۔ اسکول آن ویل (بقیہ نمبر 4)



اس تصویر میں ڈھاکہ میں جماعت اسلامی کے حامی ایک ریلی میں شریک ہیں

جمہوری عمل کے تحفظ کیلئے فریقین کے درمیان تعاون ضروری: کھٹیل داس کوہستانی

پی ٹی آئی اپنے ایجنڈے کیلئے خاطر خواہ عوامی حمایت حاصل کرنے میں ناکام رہی ہے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے مذہبی امور کھٹیل داس کوہستانی نے کہا ہے کہ سیاسی استحکام انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ پی ٹی آئی کے (بقیہ نمبر 10)

مسلم لیگ ن کے محنتی اور ایماندار سینیئر ورکر اور میرے دوست اور بھائی ہیں اور رئندہ ہم ملکر پاکستان مسلم لیگ ن اور پاکستان کی عوام کی خدمت کرتے رہینگے

عبدالحکیم (این این ئی) سابق وزیر اعلی پنجاب احمد شہزاد بٹ سے ملاقات میں ملکی سیاسی صورتحال انٹر نیشنل انجیئر پر بھی بات چیت ہوئی عام دی کو ریلیف دینے کیلئے مشاورت کی گئی پاکستان مسلم لیگ ن کے ورکروں کی عزت کی بحالی کا (بقیہ نمبر 11)



راولپنڈی کے لاڈیاں گاؤں میں مون سون کی شدید بارشوں کے دوران مقامی لوگ سیلابی پانی میں موجود ہیں

وزیر مملکت بلال کیانی کا شہید حیدر علی حسین کو خراج تحسین، اہل خانہ کی معاونت کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے خزانہ و ریلوے اور وزیر اعظم ڈیلوری یونٹ کے سربراہ بلال اظہر کیانی نے سیداں والا، جلا (بقیہ نمبر 12)

انجینئر امیر مقام کا شہید محمد گل شیر کے لواحقین سے تعزیت کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر و صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) خیبر پختو (بقیہ نمبر 13)

چین کی پاکستان نیٹ ڈی آئی میں ایف 90 فیصد اضافہ 1.22 ارب ڈالر ہو گئی

گوادر پرو کے مطابق جون سے جولائی 2025 کے دوران پاکستان کو چین سے 1709.8 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری موصول ہوئی

الیکٹرانکس 95.9 ملین، انفارمیشن ٹیکنالوجی کو 57 ملین، فوڈ سیکٹر کو 42 ملین، پیٹرولیم ریفائننگ 37.5 ملین اور ٹیکسٹائل سیکٹر کو 25.7 ملین ڈالر کی نیٹ ایف ڈی آئی ملی ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں چین کی نیٹ فارن ڈائریکٹ انویسٹمنٹ (ایف ڈی آئی) مالی سال 25-2024 میں 1.22 ارب ڈالر تک پہنچ گئی جو کہ مالی سال 24-2023 کے 643.2 ملین ڈالر کے مقابلے میں 90.4 فیصد کا اضافہ ہے۔ گوادر پرو کے مطابق جون سے جولائی 2025 کے دوران پاکستان کو چین سے 1709.8 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری موصول ہوئی جبکہ 485.5 ملین ڈالر باہر گئے، جس سے نیٹ انویسٹمنٹ (بقیہ نمبر 1)

پنجاب حکومت نے اورنج لائن میٹرو کے لیے ڈیجیٹل کرایہ نظام کی منظوری دیدی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے لاہور کی اورنج لائن میٹرو ٹرین کیلئے ڈیجیٹل کرایہ ادائیگی نظام کی منظوری دے دی ہے، یہ چین-پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کے (بقیہ نمبر 8)

الیکٹرک گاڑیاں چین سے آئیں گی، پاکستان میں چلیں گی

حکومت چینی الیکٹرک رکشے اور بائیکس نوجوانوں کو دے گی، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستانی حکومت نے ایک منصوبہ متعارف کرایا ہے جس کے تحت نوجوانوں میں 1 لاکھ سے زائد چینی ساختہ الیکٹرک بائیکس اور 3 لاکھ سے زائد الیکٹرک لوڈرز اور رکشے تقسیم کیے جائیں گے، یہ اسکیم حکومت کی جانب سے ایندھن کی درآمدات کم کرنے، ماحولیات کے تحفظ اور روزگار کے مواقع بڑھانے کے لیے شروع کی گئی ہے۔ گوادر پرو کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف (بقیہ نمبر 9)

3 خوفناک ٹریفک حادثات، 13 افراد جاں بحق جبکہ 45 سے زائد افراد زخمی

اچانک لینڈ سلائیڈنگ کے باعث وہ نیچے جا گری، حادثے کا شکار بس جماعت اسلامی کی یوسی سطح کی پکنک کے لیے کینجھر جھیل جا رہی تھی

ڈرائیونگ میں احتیاط برتی جائے، کیونکہ لوگوں کی جانیں بہت قیمتی ہوتی ہیں، وزیر اعلیٰ سندھ کا قیمتی جانوں کے ضیاع پر افسوس

کراچی / ٹھٹھہ / خیرپور / دادو (خبر نگار) سندھ میں ٹریفک حادثات کا سلسلہ نہ رک سکا، 3 مختلف خوفناک حادثات میں 13 افراد جاں بحق جبکہ 45 سے زائد افراد زخمی ہو گئے، جنہیں طبی امداد کے لیے مختلف اسپتالوں میں منتقل کر دیا گیا ہے، وزیر اعلیٰ سندھ نے قیمتی جانوں کے ضیاع پر افسوس کرتے ہوئے کہا کہ ڈرائیونگ میں احتیاط برتی جائے، کیونکہ لوگوں کی جانیں بہت قیمتی ہوتی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق کراچی سے پکنک کیلئے کینجھر جھیل جانے والے افراد کی بس مکلی کے قریب الٹ گئی، حادثے میں 6 افراد جاں بحق اور 20 زخمی ہو گئے، دوسرے واقعے میں کراچی سے ماسنھرہ جانے (بقیہ نمبر 15)

ویتنام، سیاحوں کی کشتی ڈوبنے سے 34 افراد ہلاک

ہنوئی (این این آئی) ویتنام میں خراب موسم کے باعث سیاحوں کی کشتی ڈوبنے سے 34 افراد ہلاک ہو گئے۔ خبر رساں اداروں کے مطابق افسوسناک واقعہ مشہور سیاحتی علاقے ہالونگ بے میں پیش آیا، حادثے کا شکار کشتی سیاحوں کو سیر کرانے (بقیہ نمبر 20)

اہلسنت والجماعت ضلع جہلم ویلی علی المرتضیٰ سیکٹر کے زیر اہتمام کانفرنس

ملک بھر سے نامور علماء کرام، مذہبی اسکالرز، نعت خوان حضرات کے علاوہ ضلع بھر سے قافلوں کی صورت میں جوق در جوق سینکڑوں افراد کی شرکت

چناری (این این آئی) اہلسنت والجماعت ضلع جہلم ویلی علی المرتضیٰ سیکٹر کے زیر اہتمام ڈگری کالج گراؤنڈ میں عظیم الشان، عظمت صحابہ واہل بیت کانفرنس، ملک بھر سے نامور علماء کرام، مذہبی (بقیہ نمبر 21)



فیصل آباد اتاندلیانوالہ: سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان این اے 97 کے دورہ کے دوران حلقے میں انتقال کر جانے والوں کے ورثاء سے اظہار تعزیت کے بعد فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

دس لاکھ مہاجرین مقیم پاکستان مسئلہ جموں و کشمیر کے بنیادی فریق ہیں، احمد رضا قادری

حکومت فقط آزاد کشمیر کی ہی نہیں بلکہ آزاد ریاست جموں و کشمیر کی نمائندہ حکومت ہے، گفتگو

مہاجرین کشمیر کو کسی آئینی قانونی یا اخلاقی صورت نہ تو ووٹ کے حق سے محروم کیا جا سکتا ہے، وزیر اوقاف و مذہبی امور

باغ (این این آئی) وزیر اوقاف و مذہبی امور آزاد کشمیر احمد رضا قادری نے کہا ہے کہ دس لاکھ مہاجرین مقیم پاکستان مسئلہ جموں و کشمیر کے بنیادی فریق ہیں انہیں کسی آئینی قانونی یا اخلاقی صورت نہ تو ووٹ کے حق سے محروم کیا جا سکتا ہے اور نہ ہی ریاستی حقوق سے، مہاجرین کی نشستوں (بقیہ نمبر 22)

بیرسٹر سلطان محمود چوہدری کو پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت کیلئے سردار تنویر الیاس کی منتیں

مظفر آباد (این این آئی) قائد کشمیر صدر ریاست بیرسٹر سلطان محمود چوہدری کو پاکستان (بقیہ نمبر 14)

چیئرپرسن ویمن کمیشن ریحانہ خان کا میجر رب نواز گیلانی کی شہادت پر اظہار افسوس

مظفر آباد (این این آئی) چیئرپرسن ویمن کمیشن آزاد کشمیر محترمہ ریحانہ خان نے بلوچستان کے ضلع آوران میں دہشت گردوں (بقیہ نمبر 16)

کشمیری نوجوان پاکستان کے نظریے پر متحد، سردار عثمان علی خان

یوم الحاق پاکستان ہماری تاریخ کا سنہری باب ہے، میڈیا سے گفتگو

دھیر کوٹ: مسلم کانفرنس یوتھ ونگ کے زیر اہتمام یونین کونسل چمیاٹی میں ''کشمیر بنے گا پاکستان'' یوتھ کنونشن، سردار عثمان علی خان کا خطاب

مظفر آباد / دھیر کوٹ (این این آئی) یوم الحاق پاکستان کے موقع پر مسلم کانفرنس یوتھ ونگ کے زیر اہتمام یونین کونسل چمیاٹی میں (بقیہ نمبر 17)

حکومت بارشوں، سیلاب سے متاثرہ اضلاع کو آفت زدہ قرار دے، ہمایوں اختر خان

کسانوں کیلئے الگ سے مالی امداد کا اعلان، شفافیت کے ساتھ ان تک براہ راست پہنچائی جائے' سابق وفاقی وزیر

این اے 97 کے دورہ کے دوران عمائدین، اہل علاقہ سے ملاقاتیں، انتقال کر جانے والوں کے گھروں میں بھی گئے

لاہور (این این آئی) سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ حکومت بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ اضلاع کو آفت زدہ قرار دے اور متاثرین کی فوری امداد اور بحالی کے لئے عملی اقدامات کا آغاز کیا جائے، پیٹرولیم کی قیمتوں میں اضافے سے ٹرانسپورٹیشن کے اخراجات (بقیہ نمبر 31)

ڈی جی آئی ایس پی آر نے بھی یوم الحاق پاکستان کے موقع پر بیان جاری: سردار عتیق احمد خان

مسلم کانفرنس نے 1947 میں قرارداد الحاق پاکستان پاس کر کے کشمیریوں کے محفوظ مستقبل کا تعین کیا

قرارداد الحاق پاکستان ایک تاریخ دستاویز ہے، جو ریاست جموں و کشمیر میں میگنا کارٹا کی حیثیت رکھتی ہے، کانفرنس

مظفر آباد (این این آئی) آل جموں و کشمیر مسلم کانفرنس کے صدر و سابق وزیر اعظم سردار عتیق احمد خان نے کہا ہے کہ مسلم کانفرنس نے 1947 میں قرارداد الحاق پاکستان پاس کر کے کشمیریوں کے محفوظ مستقبل کا تعین کیا ہندوستان کی پانچ سو باسٹھ ریاستوں میں سے صرف ریاست جموں و کشمیر (بقیہ نمبر 32)

بھارت میں خاتون پولیس افسر کو اس کے بوائے فرینڈ نے قتل کر دیا

نئی دہلی (این این آئی) بھارت میں والدہ کو برا بھلا کہنے پر خاتون پولیس افسر کو اس کے بوائے فرینڈ نے قتل کر دیا۔ بھارتی ریاست گجرات کے ضلع کچھ میں ایک خاتون پولیس آفیسر کو مبینہ طور پر اس کے ساتھی نے قتل کر دیا، ملزم اور خاتون شادی (بقیہ نمبر 30)

وزیر ریلوے کا راولپنڈی اسٹیشن پر گندے واش رومز، صفائی کے ناقص انتظام پر برہمی کا اظہار

مسافروں کیلئے ناکافی انتظامات پر برہمی کا اظہار

وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے مسافروں سے بھی گفتگو کی اور ریل کے سفر، ٹکٹ، بوگیوں کی حالت اور عملے کے رویے سے متعلق دریافت کیا

خدا کا خوف کریں، یہ سب کیا ہے؟ یہ سب ہرگز برداشت نہیں کروں گا، فوری بہتری نہ ہوئی تو سخت کارروائی کروں گا' حنیف عباسی

راولپنڈی (خبر نگار) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے راولپنڈی ریلوے اسٹیشن کا اچانک دورہ کر کے واش رومز، ریلوے دفاتر، استقبالیہ، پلیٹ فارمز اور سٹالز کا دورہ اور ریلوے ٹریک کا معائنہ کیا۔ وزیر ریلوے نے گندے واش رومز، صفائی کے ناقص انتظام اور شہریوں خاص طور پر خواتین مسافروں کے لئے ناکافی انتظامات پر سخت برہمی کا اظہار کیا۔ حنیف عباسی نے ریلوے افسران پر برہمی کا ا (بقیہ نمبر 23)



پشاور: گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے سینیٹ کے منتخب 25 اراکان سے حلف لے رہے ہیں

مظفر آباد کے دونوں بڑے اسپتالوں میں ایمرجنسی سمیت وارڈز میں زندگی بچانے والی مفت ادویات ناپید

مظفر آباد (این این آئی) دارالحکومت کے دونوں بڑے اسپتالوں میں ایمرجنسی سمیت وارڈز میں بھی زندگی بچانے والی مفت ادویات ناپید ہو (بقیہ نمبر 18)

طیاروں کی عدم دستیابی، تکنیکی مسائل کے باعث 6 پروازیں منسوخ

متعدد پروازیں گھنٹوں تاخیر کا شکار ہو گئیں، مسافروں، عزیز و اقارب کو شدید مشکلات کا سامنا

لاہور (این این آئی) طیاروں کی عدم دستیابی اور تکنیکی مسائل کے باعث لاہور آنے اور جانے والی 6 پروازیں منسوخ کر دی گئی ہیں جبکہ متعدد پروازیں گھنٹوں تاخیر کا شکار ہو گئیں جس (بقیہ نمبر 19)

وارڈز میں زندگی بچانے والی مفت ادویات ناپید

بھارت، نیہا بن کر رہنے والا بنگلادیشی شہری عبدالکلام گرفتار

نئی دہلی (این این آئی) بھارت میں کئی سال تک نیہا بن کر رہنے والے بنگلادیشی شہری عبدالکلام کو پولیس نے گرفتار کر لیا۔ بھارتی میڈیا کے مطا (بقیہ نمبر 25)

شمالی ایران میں 5.4 شدت کا زلزلہ، عوام میں خوف و ہراس

تہران (این این آئی) شمالی ایران میں زلزلے کے شدید جھٹکوں سے عوام میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ امریکی جیالوجیکل سروے (بقیہ نمبر 26)

برازیل نے بھارتی میزائل کی خریداری کیلئے مذاکرات ختم کر دیئے

نئی دہلی (این این آئی) برازیل نے بھارت کے ساتھ آکاش میزائل کی خریداری کے لیے مذاکرات ختم کر دیئے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق بھارت کی جانب سے میزائلوں کا جدید ورژن نہ (بقیہ نمبر 27)

کیڈٹ کالج بڑاسی میں پروقار تقریب کا انعقاد، علی نقوی کی شرکت

سید بازل علی نقوی کو صدر و چیف سکاؤٹ پاکستان کی جانب سے صدراتی ایوارڈ میڈل آف میرٹ پہنایا گیا

نوجوانوں کی ویلفیئر اور آزاد کشمیر میں سکاؤٹ تحریک کی سرپرستی پر یہ اعزاز عطا کیا گیا

بڑاسی (این این آئی) آزاد جموں و کشمیر کے وزیر سماجی بہبود و ترقی نسواں سید بازل علی نقوی کو صدر و چیف سکاؤٹ پاکستان کی جانب سے صدراتی ایوارڈ میڈل آف میرٹ پہنایا گیا۔ سید بازل علی نقوی کو ان کی سماجی خدمات، نوجوانوں کی ویلفیئر اور آزاد کشمیر میں سکاؤٹ تحریک کی سرپرستی پر یہ اعزاز عطا کیا گیا۔ تقریب میں نیشنل سیکرٹری نیشنل سکاوٹ ہیڈ کوارٹر اسلام آباد اور سیکرٹری مالیات PBSA صاحبزادہ سجاد مسعود چشتی، سابق ڈائریکٹر APR و پرنسپل PSCCB مسٹر سونی کم، (بقیہ نمبر 28)

وکلاء کا تحریک آزادی کشمیر میں اہم رول رہا، صدر آزاد کشمیر

آزاد جموں و کشمیر بار کونسل آزاد کشمیر میں آئین و قانون کی بالادستی اور عوام کو سستے اور جلد انصاف کی فراہمی کیلئے اپنا اہم کردار ادا کرے

ہاشمی ایڈووکیٹ کی ایوان صدر کشمیر ہاؤس اسلام آباد میں تفصیلی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) صدر آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری سے وائس چیئرمین آزاد جموں و کشمیر بار کونسل عقاب ہاشمی ایڈووکیٹ کی ایوان صدر کشمیر ہاؤس اسلام آباد میں تفصیلی ملاقات۔ اس موقع پر صدر آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے کہا کہ آزاد جموں و کشمیر بار کونسل آزاد کشمیر میں آئین و قانون کی بالادستی اور عوام کو سستے اور جلد انصاف کی فراہمی کے لئے اپنا اہم کردار ادا کرے تاکہ ریاست کو صحیح معنوں میں آزادی کا بیس کیمپ بنایا جا سکے اور جس میں ہر آدمی کے لئے (بقیہ نمبر 29)



لاہور: وزیر بلدیات ذیشان رفیق ویسٹ ری سائیکلنگ منصوبے سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈسٹرکٹ سیکیورٹی فورسز کا آپریشن 3 دہشتگرد ہلاک 7 گرفتار

مالاکنڈ میں درگئی کے علاقہ مہر دے میں سیکیورٹی فورسز اور لیویز کے مشترکہ آپریشن میں فتنہ الخوارج کے 3 دہشتگرد ہلاک

دہشتگردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں بارودی مواد برآمد، آپریشن میں گن شپ ہیلی کاپٹروں نے بھی حصہ لیا، ڈپٹی کمشنر

درگئی (خبر نگار) مالاکنڈ میں درگئی کے علاقہ مہر دے میں سیکیورٹی فورسز اور لیویز کے مشترکہ آپریشن میں فتنہ الخوارج کے 3 دہشتگرد ہلاک ہو گئے۔ آپریشن کے دوران 7 دہشتگردوں کو گرفتار بھی کر لیا گیا، دہشتگردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں بارودی مواد برآمد کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر مالاکنڈ نے کہا کہ آپریشن میں گن شپ ہیلی کاپٹروں نے بھی حصہ لیا۔

حلف نہ لیا گیا تو ممبران عدالت جائیں گے' گورنر خیبر پختونخوا

سینیٹ کے الیکشن تو ہوں گے پیر کو نہیں تو منگل کو تو ہو جائیں گے، فیصل کریم کنڈی کی بات چیت

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ مجھے خدشہ ہے کہ مخصوص نشستوں پر حلف نہیں لیا جائے گا، حلف نہ لیا گیا تو ممبران پھر عدالت جائیں گے۔ نجی ٹی وی سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کا کہنا تھا کہ جو ماحول بنا ہے ا (بقیہ نمبر 24)



مرید کے وفاقی وزیر رانا تنویر حسین سینئر صحافی شیخ شاہد سے ان کی کمسن بیٹی کے قتل پر اظہار تعزیت کر رہے ہیں



اسٹاک ہوم: فلسطینی حامی مظاہرین نے غزہ میں اسکولوں اور اسپتالوں پر اسرائیل کی بمباری کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

چائنہ بزنس سربراہ اجلاس 2025 کا نیوزی لینڈ میں انعقاد

آکلینڈ، نیوزی لینڈ (شبھوا) چائنہ بزنس سربراہ اجلاس 2025 آکلینڈ میں منعقد ہوا۔ نیوزی لینڈ کے وزیراعظم کرسٹوفر لکسن نے اپنے اہم خطاب میں اپنے عظیم دورہ چین کے بارے میں آگاہ کیا۔ لکسن نے چین اور نیوزی لینڈ کے درمیان تجارتی تعلقات کی اہمیت پر زور دیا۔ لکسن کے مطابق نیوزی لینڈ کی 20 فیصد برآمدات چین کو جاتی ہیں۔ نیوزی لینڈ میں چین کے سفیر وانگ شیاؤلونگ نے کہا کہ چین نیوزی لینڈ کے ساتھ قریبی تعاون کے لئے تیار ہے تاکہ ہمارے رشتوں کے درمیان سے پانے والے اتفاق رائے پر عملدرآمد کیا جاسکے، دونوں اقوام کو بہتر فائدہ پہنچایا جائے اور اس غیر یقینی اور بے چین دنیا میں مزید استحکام اور اعتماد پیدا کیا جاسکے۔

ویتنام میں سیاحتی بحری جہاز الٹنے کے باعث 37 افراد ہلاک

ہنوئی (شبھوا) ویتنام کے شمالی ساحل سے الگ خلیج میں ایک سیاحتی بحری جہاز کے الٹ جانے کے بعد اب تک مجموعی طور پر 147 افراد کو نکالا جاچکا ہے جن میں 10 افراد کو زندہ نکالا گیا جبکہ 37 ہلاکتوں کی تصدیق کی ہو چکی ہے۔ ویتنام نیوز ایجنسی نے اطلاع دی ہے کہ بلے لے آتوار کی صبح مزید تحقیقات کے لئے ساحل پر لایا گیا۔ یہ بحری جہاز ہفتہ کی سہ پہر کو 48 ویتنامی سیاحوں کو سیاحتی دورے پر لے جاتے ہوئے ڈوب گیا تھا۔ سرکاری میڈیا کے مطابق جہاز میں عملے کے 5 ارکان بھی سوار تھے۔ ویتنام کے نائب وزیراعظم ترن ہوگ با کی ہدایت پر چھوٹے کشتی کے ذریعے ہونے والے امدادی کارروائی میں مدد کے لئے 4 بڑے بحری جہاز اور بنیادی ریسکیو فورسز کو تعینات کیا ہے۔ مقامی میڈیا وی این ایکسپریس کے مطابق سمندری طوفان وی فا کے علاقے کے قریب پہنچنے کے ساتھ ہی ریسکیو ٹیمیں اب لاپتہ افراد کی تلاش میں تیزی سے کام کر رہی ہیں۔

ایئر چائنہ نے بیجنگ اور شاشتمد کے درمیان براہ راست پرواز کا آغاز کردیا

شاشتمد (شبھوا) چینی فضائی کمپنی ایئر چائنہ نے بیجنگ اور ازبکستان کے دارالحکومت شاشتمد کے درمیان براہ راست پرواز کے پہلے روٹ کا آغاز کردیا۔ افتتاحی پرواز شاشتمد کے بین الاقوامی ہوائی اڈے پر اتری، جہاں اس اہم شہری کی مناسبت سے ایک تقریب بھی منعقد کی گئی۔ ایئر چائنہ کے شاشتمد میں نمائندے نی گو وانگ کا کہنا تھا کہ نئی براہ فضائی روٹ دونوں ممالک کے درمیان سہولت کے ساتھ ہی سیاحت، تجارت، ثقافت اور سیاست کے شعبوں میں روابط اور تعاون کو فروغ دے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ روٹ دونوں ممالک کے درمیان ہوائی سفر کے لئے ایک زیادہ آسان اور موثر فضائی راستہ فراہم کرے گا۔ ازبکستان ایئرپورٹس ہولڈنگ کمپنی کے وائس چیئرمین عبدالعزیز امید اللہ نے کہا کہ یہ نیا فضائی روٹ دونوں ممالک کے درمیان دوستانہ تعلقات کو مزید مضبوط کرنے اور سیاحت و تجارتی روابط کی ترقی میں مدد گار ثابت ہوگا۔ شاشتمد پرواز بوئنگ 737 طیارے کے ذریعے ہر منگل، جمعرات اور ہفتہ کو چلائی جائے گی۔



کمشنر لاہور ڈویژن زید بن مقصود فیروز والا نالہ بھیڑیر بریچ پوائنٹ سائیڈ ایریاز کا دورہ اور نالہ بھیڑیر پر مقامی ٹیکنگر کے اقدامات کا جائزہ لے رہے ہیں

نالہ بھیڑیر شاہدرہ/ فیروز والہ۔ کمشنر لاہور زید بن مقصود کا نالہ بھیڑیر سائیڈ ایریاز اور نالہ بریچ پوائنٹ کا دورہ

کمشنر لاہور نے نالہ بھیڑیر پر مقامی ٹیکٹر کے تحت بریچ کو کور کرنے کیلئے ضلعی انتظامیہ کے اقدامات کا جائزہ لیا

معمولی بریچ کیا گیا ہے۔ ڈمپرز مٹی ڈال رہے ہیں۔ قلیل وقت میں پشتہ دوبارہ مضبوط کردیا جائیگا۔ بریفنگ

ضلعی انتظامیہ رات بھر سے مسلسل آن سپاٹ موجود ہے تھوڑی دیر میں بریچ ختم ہوجائے گا۔ بریفنگ

کمشنر لاہور ڈویژن نے ایریگیشن افسران کو ڈویژن بھر کی تمام نہروں۔ نالوں۔ سیم نالوں کو روی وزٹ کرنے کی ہدایت کردی

انتظامیہ کو ہدایت دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہر قسم اضلاع ڈسٹرکٹ ایمرجنسی پلان کے تحت ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے ہنگامی فیصلوں کی روشنی میں کام کریں، انہوں نے کہا کہ موسن سون بارشوں کے حوالے سے 144 کے نفاذ کی خلاف ورزی پر سخت کارروائیاں عمل میں لائی جائیں، متعلقہ محکموں کو متحرک کریں یقینی بنائیں کہ ہر ضلعی ہیڈکوارٹر ہسپتال پر ضروری ادویات اور طبی عملہ تعینات ہو، ڈی سی او لاہور کیپٹن (ر) محمد عثمان بزدار نے کمشنر کو بریفنگ دی کہ ضلع لاہور میں 1 ہزار 64 ریسکیو اہلکار، 5 ریسکیو بوٹس، 2 ریسکیو گاڑیاں، 2 واٹر باؤزر، 2 ایمبولینسز، 2 ہیوی ڈیوٹی واٹر پمپ، 2 ہائی ڈیوٹی واٹر پمپ، 2 ہیوی ڈیوٹی جنریٹر، 2 ہائی ڈیوٹی جنریٹر، 2 ہیوی ڈیوٹی لائٹ ٹاور، 2 ہائی ڈیوٹی لائٹ ٹاور، 2 ہیوی ڈیوٹی ٹرالی، 2 ہائی ڈیوٹی ٹرالی، 2 ہیوی ڈیوٹی ٹریکٹر، 2 ہائی ڈیوٹی ٹریکٹر

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 21 جولائی 2025ء

ریسکیو اینڈ ریلیف آپریشن سمیت دیگر حفاظتی انتظامات کو یقینی بنایا جائیگا: کمشنر گوجرانوالہ

مشکل اور مصیبت کی اس گھڑی میں مبتلا یہ لوگ حکومت اور مقامی انتظامیہ کی مدد اور تعاون کے مستحق ہیں ان لمحات میں متاثرہ افراد کو کسی صورت بھی تنہا نہیں چھوڑ سکتے، متاثرہ افراد کی ہر ممکن امداد اور ریلیف کے اقدامات جاری رہینگے



گوجرانوالہ (غلام شبیر ریزیڈنٹ ایڈیٹر) کمشنر گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات کے مطابق حالیہ بارشوں کے باعث زیر آب آنے والے شہری و دیہی علاقوں سے پانی کے نکاس، عوام کے ریسکیو اینڈ ریلیف آپریشن سمیت دیگر حفاظتی انتظامات کو ہر لحاظ سے یقینی بنایا جائیگا، کل اور مصیبت کی اس گھڑی میں مبتلا لوگ حکومت اور مقامی انتظامیہ کی مدد اور تعاون کے مستحق ہیں ان لمحات میں متاثرہ افراد کو کسی صورت بھی تنہا نہیں چھوڑ سکتے، متاثرہ افراد کی ہر ممکن امداد اور ریلیف کے اقدامات جاری رہینگے انہوں نے ان خیالات کا اظہار حافظ آباد اور پنڈی بھٹیاں کے متاثرہ دیہات کے دورہ کے موقعہ پر کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن محمد عامر جاوید، ایم پی اے عون جہانگیر بھٹی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو تنویر یاسمین، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حمداللہ، اسسٹنٹ کمشنر سلمان اکبر، اے سی پنڈی بھٹیاں جواد عین ملک، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈیولپمنٹ تصور عباس اور دیگر افسران بھی انکے ساتھ تھے۔ کمشنر گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی نے حالیہ بارشوں سے متاثرہ حافظ آباد اور پنڈی بھٹیاں کے مختلف دیہات کوٹ سورھنڑ ای، ٹھٹھہ خیرو، کھل، پنڈی بھٹیاں، ملاہور روڈ اور دیگر علاقوں کا دورہ کرتے ہوئے وہاں زیر آب آنے والے علاقوں اور فصلوں کا معائنہ کیا اس موقعہ پر کمشنر نے ضلعی انتظامیہ اور دیگر محکموں کی جانب سے بارش کے پانی کو نکالنے پانی میں پھنسے افراد کو ریسکیو کرنے اور دیگر حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقعہ پر ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے کمشنر کو بتایا کہ حالیہ بارشوں سے حافظ آباد دیہات کا ایک وسیع ایریا متاثر ہوا ہے اور ایکسٹرا ٹیمیں زیر آب آگئی ہیں تاہم ضلعی انتظامیہ رقبہ پر کاشت فصلوں کو بچانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ ڈپٹی کمشنر حافظ آباد نے کمشنر کو بتایا کہ ضلع میں 1222 ہیومینٹ ٹیمیں، ضلع کونسل، محکمہ ہائر ایجوکیشن اور دیگر محکموں کے افسران و ملازمین چوبیس گھنٹے ریسکیو اینڈ ریلیف کے کاموں میں مصروف ہیں۔ کل ازیں کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کے ہمراہ نئے ڈی ایچ کیو ہسپتال اور یونیورسٹی آف حافظ آباد کے منصوبوں کا دورہ کیا اور وہاں جاری تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے انہیں بتایا کہ حکومت پنجاب کی جانب سے چار سو بیڈ کے نئے ڈی ایچ کیو ہسپتال کے لیے ایک ارب روپے کی گرانٹ منظور ہو چکی ہے اور اس وقت دونوں منصوبوں پر تعمیراتی کام جاری ہے۔

RO پٹرولنگ گوجرانولہ ذوالفقار علی ورک نے تعریفی اسناد تقسیم کیں

ڈی او ملک عطا کی قابلیت و محنت سیالکوٹ پٹرولنگ میں دکھائی دیتی ہے۔ زوالفقار علی ورک



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) گوجرانولہ ریجنل آفیسر پٹرولنگ پولیس زوالفقار علی ورک نے ڈسٹرکٹ آفیسر پٹرولنگ سیالکوٹ ملک عطاء اللہ اور ضلع سیالکوٹ سے بہترین کارکردگی دکھانے والے افیسران انچارج ہائے پٹرولنگ SI عمران علی پٹرولنگ پوسٹ ساہووالہ، SI غازی حاجی راشد وسیم انچارج پٹرولنگ پوسٹ سٹیو کی، SI محمد سرفراز پٹرولنگ پوسٹ کھوئی سٹاپ، SI یاسر محمود پٹرولنگ پوسٹ گلوٹیاں موڑ اور انچارج DLIMS سیالکوٹ SI زبیر رضا کو تعریفی سرٹیفکیٹ جاری کیے۔ اس موقع پر آر او پٹرولنگ گوجرانولہ نے کہا کہ مجھے خوشی ہے کہ ضلع سیالکوٹ پچھلے کئی سالوں سے جس قدر جانفشانی بہترین کارکردگی دکھا رہا ہے جو افیسران کی لگن اور جذبہ سے ڈیوٹی کرنے کا عملی ثبوت ہے۔ DO سیالکوٹ پٹرولنگ ملک عطاء اللہ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ جرائم پیشہ عناصر چاہے وہ منشیات فروش ہوں یا چور ڈکیت یا دیگر جرائم کسی سے کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر صاحب کل بروز سوموار چکوال کا زمینی دورہ کریں گے

چکوال) ایم ایوب سلطانی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر صاحب کل بروز سوموار چکوال کا زمینی دورہ کریں گے اور A جہاں جہاں سیلاب اور بارشوں سے نقصانات ہوئے ہیں مختلف مقامات پر ہونے والے نقصانات کو دیکھیں گے پاکستان پیپلز پارٹی مشکل کی ہر گھڑی میں عوام کے ساتھ کھڑی ہے چکوال سیلاب سے متاثرہ علاقوں کے نقصانات کا اندازہ لگایا جائے گا جن جن علاقوں کا زیادہ نقصان ہوا ہے ان کو آفت زدہ قرار دے کر نقصانات کا ازالہ کیا جاسکے

سیاسی و سماجی شخصیت سابق صدر امن کمیٹی شہباز احمد المعروف کڑھائی والے کی جانب سے عشائیہ کا اہتمام

تقریب میں حاجی اشفاق احمد بک سنٹر والے، محمد رفیق سیکرٹری میاں سجاد احمد بیری منڈی والے سید محمد سعید اور شیخ سجاد احمد صدیقی نے شرکت کی

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) سیاسی وسماجی شخصیت سابق صدر امن کمیٹی شہباز احمد المعروف کڑھائی والے کی جانب سے ان کی رہائشگاہ پر مرکز اہلسنت مرکزی جامع مسجد نورانی کی انتظامیہ کے اعزاز میں پرتکلف عشائیہ دیا گیا جس میں حاجی اشفاق احمد بک سنٹر والے ٭ محمد رفیق سیکرٹری ٭ میاں سجاد احمد سبزی منڈی والے ٭ سیٹھ محمد سعید اور شیخ سجاد احمد صدیقی نے شرکت کی اس موقع پر شہباز احمد کڑھائی والے نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عشرہ محرم میں جامع مسجد نورانی میں شان صحابہ واہلبیت کانفرنسز کے کامیاب انعقاد پر انتظامیہ کو مبارکباد پیش کرتے ہیں مفتی شہباز رسول سعیدی نے جس انداز سے شان اہلبیت بیان کی انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں شہداء کربلا کا ذکر قیامت تک ہوتا رہے گا حضرت امام حسین نے اپنے رفقاء کے ہمراہ کربلا کے میدان میں عظیم قربانیاں دے کر دین اسلام کو بچایا آج مساجد کی رونقیں اسی دم سے ہیں شہداء کربلا کو سلام عقیدت پیش کرتے ہیں۔

حکومت پاکستان سمیت تمام مسلم ممالک یہودیوں کی تمام پروڈکٹس پر پابندی کرتے ہوئے ہوش کے ناخن لیں

اسرائیل سمیت دنیا کے تمام یہود و نصاریٰ پوری دنیا کے مسلمانوں اور دین اسلام کے ازلی دشمن ہیں اور ہم تمام اسلامی ممالک انکی پروڈکٹس کا بے دریغ استعمال کر رہے ہیں

عارف الا (نمائندہ قوت) حکومت پاکستان سمیت تمام مسلم ممالک یہودیوں کی تمام پروڈکٹس پر پابندی کرتے ہوئے ہوش کے ناخن لیں اسرائیل سمیت دنیا کے تمام یہود و نصاریٰ پوری دنیا کے مسلمانوں اور دین اسلام کے ازلی دشمن ہیں اور ہم تمام اسلامی ممالک انکی پروڈکٹس کا بے دریغ استعمال کر رہے ہیں جیسا کہ ہمارے ہاں ہسپتالوں میں جب بھی بچے کی پیدائش ہوتی ہے تو ڈاکٹر صاحب سب سے پہلے یہودیوں کی پروڈکٹ ٹیلے کا دودھ لیکٹوجن اور ٹیلے کے پانی سے ہی ابتدا کرتے ہیں اس کا مطلب ہم بچوں کے خون میں شروعات ہی یہودیوں کی بنائی گئی حرام اشیاء سے کر رہے ہیں اور اس کا فائدہ یہودیوں کو پہنچ رہا ہے جس سے وہ ہماری نسلوں اور اسلامی ممالک کیخلاف زہر اگل رہے ہیں اور ان پروڈکٹس سے کمایا گیا پیسہ ہمارے ہی مسلمان بھائیوں پر گولہ بارود کی شکل میں استعمال کیا جارہا ہے ان خیالات کا اظہار سینئر صحافی راؤ محمد کامران اور محمد شہزاد مہدی وٹو نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن کے

مرکزی جمعیت اہلحدیث سٹی شیخوپورہ کا اجلاس

مرکز الرحمن اہلحدیث گوجرانوالہ روڈ پر منعقد ہوا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مرکزی جمعیت اہلحدیث سٹی شیخوپورہ کا اجلاس مرکز الرحمن اہلحدیث گوجرانوالہ روڈ پر منعقد ہوا جس کی صدارت سٹی امیر حافظ عبدالرحمن نے کی جبکہ عہدیداران و سینئر اراکین شریک ہوئے، اجلاس میں سابقہ کارکردگی کا جائزہ لینے سمیت آئندہ کے لائحہ عمل پر تبادلہ خیال کیا گیا اور باہمی مشاورت سے مختلف امور طے پائے، تنظیمی سرگرمیوں کو مزید فروغ دینے اور نئے اراکین کی شرکت کیلئے متعدد کردار ادا کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے سٹی امیر حافظ عبدالرحمن نے کہا کہ تمام عہدیداران و اراکان تنظیمی امور کی انجام دہی میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھیں مرکزی جمعیت اہلحدیث کی سیاسی سماجی تنظیمی و اصلاحی سرگرمیوں کو فعال رکھنا ہم سب کی ذمہ داری ہے

سٹی ہاؤسنگ میں سیکیورٹی جامع و مربوط سسٹم ہے۔ شیراز بٹ

ممبران و معزز ڈیلرز کی فلاح و بہبود کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہیں۔ سیکرٹری جنرل سٹی ہاؤسنگ



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سٹی ہاؤسنگ سیالکوٹ مینجمنٹ اپنے ممبران خواہ وہ ڈومیسٹک ہوں یا کمرشل بلڈنگز پر انکو فول پروف سیکیورٹی کی فراہمی یقینی بنا رہی ہے ہماری کوشش ہے کہ معزز کرم فرماؤں کی فلاح و بہبود اور بہتر سے بہتر سہولیات فراہمی یقینی بنائیں۔ ان باتوں کا اظہار معروف رئیل اسٹیٹ بزنس مین شیراز بٹ سیکرٹری جنرل سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن کے تمام آفس بیئررز اپنے معزز ڈیلرز و رئیل اسٹیٹ ایڈوائزرز کو ہر ممکن فول پروف سیکیورٹی کی فراہمی یقینی بنا رہی ہے ہماری کوشش ہے کہ معزز کرم فرماؤں کی فلاح و بہبود اور بہتر سے بہتر سہولیات فراہمی یقینی بنائیں۔ ان باتوں کا اظہار معروف رئیل اسٹیٹ بزنس مین شیراز بٹ سیکرٹری جنرل سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن ممبران ایک فیملی کی طرح ہیں جو ایک دوسرے کے دکھ سکھ کے ساتھی بھی ہیں۔

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا ایک اور صحت دوست پروگرام، صحت کی دستک آپکی دہلیز پر

آپکی دہلیز پر کے حوالے سے مریم نواز ہیلتھ کلینکس کے لیے ضلع نارووال میں 8 جدید الٹراساونڈ مشینیں فراہم کر دی گئی



شکر گڑھ (عمران عارف سے) آپکی دہلیز پر کے حوالے سے مریم نواز ہیلتھ کلینکس کے لیے ضلع نارووال میں 8 جدید الٹراساونڈ مشینیں فراہم کر دی گئی مہمان خصوصی وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی پروفیسر احسن اقبال نے سی ای او ہیلتھ آفس نارووال میں منعقدہ تقریب میں الٹراساونڈ مشینوں کی فراہمی کا افتتاح کیا۔ ڈسٹرکٹ کوارڈی نیٹر ڈاکٹر حسن جواد، انچارج مانیٹرنگ آفیسر کلینک آن ویلز ممتاز بٹ کے علاوہ مریم نواز ہیلتھ کلینک انچارج سٹرز و دیگر اس موقع پر موجود تھے۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی پروفیسر احسن اقبال نے اس موقع پر کہا کہ لوگوں کو گھر گھر صحت کی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، جس کی طرف وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز خصوصی توجہ دے رہی ہے، صحت کے بغیر کوئی معاشرہ ترقی نہیں کر سکتا، مریم نواز کلینک آن ویلز جیسی سہولیات بھی اسی سلسلہ کی کڑی ہے۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی نے والدین سے اپیل کی کہ وہ بچوں کی ذہنی اور جسمانی صحت پر خصوصی توجہ دیں، کیونکہ بچے ملک کا روشن کل ہیں، ملک کا مقبل ان کی صحت سے وابستہ ہے۔ ڈسٹرکٹ کوارڈی نیٹر ڈاکٹر حسن جواد نے قبل ازیں وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی محترمہ مریم نواز ہیلتھ کلینک پروگرام کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔

رائے ونڈ: بابا سید رحمت علی شاہ کے 75 ویں عرس مبارک پر میلہ کمیٹی کے عہدیداران کا اعلان، عمرہ ٹکٹ کا خصوصی تحفہ

اس پر مسرت موقع پر دربار عالیہ کے گدی نشین سید توقیر حسین شاہ اینڈ برادران کی قیادت میں ایک پروقار دستار بندی کی تقریب منعقد ہوئی



رائیونڈ (کھیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) معروف روحانی بزرگ حضرت بابا سید رحمت علی شاہ صاحبؒ کے 75 ویں سالانہ عرس مبارک و میلہ کے سلسلے میں میلہ کمیٹی کے نئے عہدیداران کا باقاعدہ اعلان کر دیا گیا۔ رائے ونڈ کی معروف سیاسی، سماجی و کاروباری شخصیت، چودھری افتخار الحسن راجہ کو متفقہ طور پر تیسری مرتبہ چیئرمین مقرر کیا گیا، جبکہ چودھری محمد رمضان کو وائس چیئرمین منتخب کیا گیا۔ اس پر مسرت موقع پر دربار عالیہ کے گدی نشین سید توقیر حسین شاہ اینڈ برادران کی قیادت میں ایک پروقار دستار بندی کی تقریب منعقد ہوئی، جس میں درجنوں معززین علاقہ شریک ہوئے۔ چیئرمین میلہ کمیٹی چودھری افتخار الحسن راجہ، وائس چیئرمین چودھری محمد رمضان اور حاجی لیاقت علی جمبر یا کی دستار بندی نہایت عقیدت و احترام سے کی گئی۔ تقریب کے بعد چیئرمین عوامی خدمت گروپ ساجد لیاقت منا پرنس اور دیگر معززین نے دربار بابا سید رحمت علی شاہؒ پر حاضری دی، فاتحہ خوانی کی اور ملک و قوم کی سلامتی کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں۔ عرس مبارک کی تقریبات میں محافل نعت، روحانی اجتماعات، اور لنگر کا وسیع انتظام کیا گیا ہے۔ سیکیورٹی، صفائی، اور زائرین کی سہولت کے دیگر انتظامات بھی کمیٹی کی جانب سے مکمل کر لیے گئے ہیں۔ الحاج لیاقت جمبر یا کی جانب سے میلہ کے اختتام پر ایک خوش نصیب زائر کو بذریعہ قرعہ اندازی عمرہ کا ٹکٹ بطور تحفہ دیا جائے گا، جو شرکائے میلہ کے لیے ایک روحانی خوشخبری کی حیثیت رکھتا ہے۔

چکوال جاں بحق ہونیوالے 5 افراد کیلئے 50 لاکھ روپے مالی امداد کا اعلان

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے چکوال میں سیلابی ریلے سے متاثرہ علاقوں کا معائنہ کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے تکیہ شاہ مراد، امیر پور منگن للیانی، اور دھید وال کا فضائی دورہ کیا



چکوال (ایم ایوب سلطانی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے چکوال میں جاں بحق ہونے والے 5 افراد کے لئے 50 لاکھ روپے مالی امداد کا اعلان کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف سیلاب زدہ علاقوں کا جائزہ لینے خود چکوال پہنچ گئیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے سیلاب زدہ علاقوں کا بھرپور فضائی جائزہ لیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے چکوال میں سیلابی ریلے سے متاثرہ علاقوں کا معائنہ کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے تکیہ شاہ مراد، امیر پور منگن للیانی، اور دھید وال کا فضائی دورہ کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے چکوال کو جہلم سے منسلک کرنے والے ڈمن برج کا بھی فضائی جائزہ لیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ڈمن برج کی تعمیر و بحالی جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے سیلاب سے متاثرہ گھروں، روڈز اور پل کا جائزہ لیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے متاثرہ روڈز کی تعمیر و بحالی کا مشاہدہ کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے سیلابی پانی کی نکاسی کے عمل کا مشاہدہ کیا۔ بعد ازاں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ڈپٹی کمشنر آفس چکوال میں اجلاس کی صدارت کی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے بارشوں کے دوران چھتیں وغیرہ گرنے سے جاں بحق ہونے والے افراد کے لئے 50 لاکھ روپے مالی امداد کا اعلان کیا۔ بارشوں کے دوران جاں بحق ہونے والے چکوال کے 4 اور تودہ گرنے سے افراد کے لواحقین کو 10، 10 لاکھ روپے فی کس مالی امداد دی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے بارشوں کے اگلے سپیل سے قبل کچے مکان خالی کرانے کا حکم دیا۔ کچے گھروں میں مکین خاندانوں کو ریلیف کیمپ یا سرکاری عمارتوں میں قیام کی سہولت فراہم کرنے کی ہدایت کی۔

ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو سیلابی صورتحال کے پیش نظر رات دن فیلڈ میں متحرک ہیں

ڈپٹی کمشنر نے شاہکوٹ روڑ ، سیدوالہ، بڑا گھر، اور دیگر علاقوں میں بارشی پانی کے نکاس کا جائزہ لیا



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو سیلابی صورتحال کے پیش نظر رات دن فیلڈ میں متحرک ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے شاہکوٹ روڑ، سیدوالہ، بڑا گھر، اور دیگر علاقوں میں بارشی پانی کے نکاس کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تمام اسسٹنٹ کمشنرز و ریونیو عملہ، ضلع کونسل کے افسران و عملہ، ایریگیشن کے افسران سمیت تمام متعلقہ ادارے 07 روز سے دن و رات فیلڈ میں موجود ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تمام ضلعی افسران اور عملے کی چھٹیوں کو بھی منسوخ کر رکھا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ضلع بھر کی ریونیو حدود سے پانی کے قدرتی بہاو کو یقینی بنا دیا گیا ہے، پانی کی گزرگاہوں سے رکاوٹوں اور ناجائز تجاوزات کو بھی ہٹا دیا گیا ہے۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ضلع کے پانچ مقامات پر نہروں میں پڑنے والے شگافوں کو بند کر دیا گیا ہے۔ ضلع کی حدود میں سے گزرے والا سیم نالا 03 مقامات سے اوور فلو ہوا جس کے پشتوں اور بندوں کو بھی مضبوط کر لیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ شدید بارشوں کے باعث ضلع ننکانہ کے 06 مقامات سے روڑ انفراسٹرکچر کو نقصان پہنچا۔ تمام روڑز کی بحالی کو یقینی بنا کر روڑز کو عوام الناس کے لیے کھول دیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے بتایا کہ دریائی بیلٹ اور کیتلی علاقوں میں، مشینری، متعلقہ اداروں کا عملہ اور ریلیف کیمپس بھی قائم کر دیے گئے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ننکانہ صاحب کے تمام ضلعی ادارے قدرتی آفات اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے پوری طرح تیار ہیں۔

شہید کی جو موت ہے قوم کی حیات ہے: محترمہ ڈاکٹر ثمرہ خرم ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز

ڈاکٹر ساجد بشیر حافظ محمد طارق ویلسینیٹر شہید کے گھر نالی والہ ننکانہ صاحب اظہار تعزیت کے لئے آمد کے موقع پر گفتگو



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) شہید کی جو موت ہے قوم کی حیات ہے محترمہ ڈاکٹر ثمرہ خرم ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز EPI پنجاب۔ تفصیلات کے مطابق محترمہ ڈاکٹر ثمرہ خرم ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز EPI پنجاب ہمراہ ڈاکٹر ساجد بشیر حافظ محمد طارق ویلسینیٹر شہید کے گھر نالی والہ ننکانہ صاحب اظہار تعزیت کے لئے آمد اس موقع پر محمد نواز دیرتھ صوبائی چیئرمین پنجاب EPI و ویلسینیٹر ویلفیئر فیڈریشن پنجاب بھی موجود تھے محترمہ ڈاکٹر ثمرہ خرم نے حافظ محمد طارق و ویلسینیٹر شہید کی بیوہ، بہنیں اور بھائیوں کے ساتھ دلی ہمدردی اور افسوس کا اظہار کیا اور شہید حافظ محمد طارق کے بچوں کے ساتھ خصوصی پیار کیا اس موقع پر شہید کی روح کو ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی بھی کی گئی ڈاکٹر ثمرہ خرم ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز EPI پنجاب کے اس اقدام کو پنجاب EPI و ویلسینیٹرز ویلفیئر فیڈریشن پنجاب اور پنجاب کے تمام ویلسینیٹرز قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور شہید کے گھر آ کر اسکی فیملی کے ساتھ افسوس کرنے پر انتہائی مشکور ہیں۔ نواز دیرتھ صوبائی چیئرمین EPI پنجاب محمد سجاد عزیز آصف و دیگر ویلسینیٹرز نے مرحوم کے درجات بلندی کے لیے خصوصی دعائی

ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی اور چینی و پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف جماعت اسلامی چنیوٹ کا احتجاج

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی اور چینی و پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف جماعت اسلامی چنیوٹ کے کارکنان کا احتجاج تفصیلات کے مطابق جماعت اسلامی چنیوٹ کے کارکنان نے چینی پٹرول اور دیگر اشیاء کی قیمتوں میں بے پناہ اضافے کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا مظاہرہ کی قیادت امیر ضلع چنیوٹ میاں عبدالقیوم ہجرہ اور دیگر ذمہ داران نے کی۔ اس موقع پر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت مہنگائی کو کنٹرول کرنے میں ناکام ثابت ہوئی ہے اج چینی اور پٹرول کی قیمتیں اسمانوں سے باتیں کر رہی ہیں مگر ان غریب عوام پر ظلم مت کریں جماعت اسلامی ملک گیر سطح پر بڑھتی ہوئی مہنگائی کے خلاف احتجاج جاری رکھے گی۔

سٹی پریس کلب نارنگ بنا کسانوں زمینداروں کی آواز ڈیرہ میواں بوڑھے اوٹھ نارنگ موڑ سے ملحقہ زرعی اراضی میں کھڑا بارش کا سیلابی پانی نکال دیا گیا

بارش کا سیلابی پانی جمع ہونے سے کروڑوں روپے مالیت کی چاول کی فصل تباہ ہو جاتی تھی

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) سٹی پریس کلب نارنگ بنا کسانوں زمینداروں کی آواز ڈیرہ میواں بوڑھے اوٹھ نارنگ موڑ سے ملحقہ زرعی اراضی میں کھڑا بارش کا سیلابی پانی نکال دیا گیا نکاسی آب کیلئے پلیاں بھی بنادی گئیں ہر سال اس مقام پر بارش کا سیلابی پانی جمع ہونے سے کروڑوں روپے مالیت کی چاول کی فصل تباہ ہو جاتی تھی جس پر سٹی پریس کلب نارنگ نے معاملہ اٹھایا تو ممبر قومی اسمبلی رانا احمد عتیق انور ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ نے کسانوں کے دیرینہ مسئلے پر نوٹس لیا اور فوری طور پر اسسٹنٹ کمشنر تحصیل مرید کے کو احکامات جاری کیے جس پر تحصیل انتظامیہ بھاری مشینری کے ہمراہ موقع پر پہنچ گئی اور عرصہ دراز سے بند پلیاں کھول دیں اونکاسی آب کے لئے مزید نئے راستے بنا دیئے گے جس سے ہزاروں ایکڑ زرعی اراضی کو بچا لیا گیا اور جس سے آئندہ بھی بارش کی صورت میں پانی کا فوری نکاس عمل میں آئے گا دیرینہ مسئلہ کے حل پر مختلف دیہات کے درجنوں کسانوں زمینداروں نے سٹی پریس کلب نارنگ منتخب سیاسی نمائندوں اور ضلعی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا ہے۔

دریا، نہروں، نالوں میں ریت، مٹی نکالنے پر مکمل پابندی لگائی ہے۔ صبا اصغر علی

غیر قانونی کھدائی سے مصنوعی نالے بننے و پانی کے بہاو میں تبدیلی کا امکان۔ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) دریاؤں نہروں نالوں ریت اور مٹی نکلنے ل عمل سے پانی کی رفتار میں اضافہ سے حفاظتی بندوں کو نقصان کا خدشہ ہے۔ سیلابی سیزن میں انسانی جان و مال کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں گی۔ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ نے کہا سیکشن 144 کے تحت 60 روزہ پابندی نافذ کر دی گئی ہے حالیہ پابندی کا اطلاق دریاؤں، نہروں اور نالوں پر ہوگا اور خلاف ورزی کی صورت میں قانونی کارروائی کی جائے گی۔ معلومات، شکایات یا رہنمائی کے لیے 1718 یا 052-9250011 پر رابطہ کریں۔ حکم نامے پر فوری عملدرآمد اور وسیع اشاعت کی ہدایت کی۔

ٹریفک پولیس حکام نے سیالکوٹ چیمبر آف کامرس کا دورہ کیا۔ لالہ ظفر اقبال

سیالکوٹ میں ٹریفک ریگولیشن بہتری کیلئے اقدامات کئے جائینگے۔ ڈی ایس پیز

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ٹریفک پولیس سیالکوٹ کے ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر و لائسنگ مدثر صدیق، ڈی ایس پی ٹریفک سیالکوٹ مبشر قادر، ڈی ایس پی سٹی چوہدری عدنان نے انچارج ٹریفک ایجوکیشن ونگ ڈاکٹر سید شفقت رسول کے ہمراہ سیالکوٹ چیمبر آف کامرس کا دورہ کیا۔ اس موقع پر فوکل پرسن آئی جی پنجاب برائے بزنس کمیونٹی لالہ ظفر اقبال نے نائب صدر چیمبر عمر خالد کے ہمراہ انکا استقبال کیا۔ انچارج ٹریفک ایجوکیشن ونگ ڈاکٹر شفقت رسول نے کہا کہ انڈر ہی بچوں کو گاڑیاں نہ دی جائیں سڑک پر ہر فرد کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے ساتھ دوسروں کی حفاظت بھی یقینی بنانے ذرا سی لاپرواہی کسی دوسرے کے مہلک حادثے کا سبب بن سکتی ہے۔ فوکل پرسن ظفر اقبال وڈی ایس پیز ٹریفک نے بزنس کمیونٹی کی اندرونی بیرون سفر کرنیوالی فیکٹری ٹرانسپورٹ و دیگر اہم امور پر تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا۔

مدرسہ فیضانِ مدینہ کے طلباء کی ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد سے ملاقات



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) جامعہ فیضانِ مدینہ کے طلباء نے "فرینڈز آف پولیس" پروگرام کے تحت ڈی پی او دفتر سیالکوٹ کا دورہ کیا اور ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد سے ملاقات کی۔ اس موقع پر طلباء کو پولیس کے مختلف شعبہ جات بشمول سپیشل انیشیٹو پولیس اسٹیشن سول لائنز، پولیس خدمت مرکز، سیف سٹی اتھارٹی اور دیگر برانچز کا وزٹ کرایا گیا۔ طلباء کا کہنا تھا کہ وہ پہلی بار پولیس کے اس عوام دوست اور معاون چہرے سے روشناس ہوئے۔ انہیں اندازہ نہیں تھا کہ پولیس خدمت مراکز سے خدمات حاصل کرنا اتنا سہل اور شفاف ہو سکتا ہے۔ ڈی پی او فیصل شہزاد نے طلباء کو "فرینڈز آف پولیس" بیجز لگائے اور اپنے خطاب میں کہا کہ مدارس اور جامعات کے طلباء ہمارے لیے اتنے ہی قابل احترام ہیں جتنے کالجز اور یونیورسٹیوں کے طالبعلم۔ انہیں کسی صورت نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ اس پروگرام کا بنیادی مقصد پولیس اور عوام کے درمیان اعتماد کی فضا کو فروغ دینا اور پولیس کے مثبت تاثر کو اجاگر کرنا ہے

بارشوں کی وجہ سے جاں بحق ہونے والے لوگوں کو فوری طور پر امدادی رقوم تقسیم کی جائیں

ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے ممبر صوبائی اسمبلی پنجاب ملک تنویر اسلم اعوان کے ہمراہ حالیہ موضع کھیوال میں مکان کی چھت گرنے سے جاں بحق ہونے والے باپ بیٹے کے گھر آمد



چکوال (ایم ایوب سلطانی سے) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے چکوال کے دورے کے دوران ہدایت کی تھی کہ بارشوں کی وجہ سے جاں بحق ہونے والے لوگوں کو فوری طور پر امدادی رقوم تقسیم کی جائیں جس کے تحت ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے ممبر صوبائی اسمبلی پنجاب ملک تنویر اسلم اعوان کے ہمراہ حالیہ موضع کھیوال میں مکان کی چھت گرنے سے جاں بحق ہونے والے باپ بیٹا حیدر چاں بحق ہو گئے تھے جبکہ شعیب افضل کی بیوی زخمی ہوئی تھی۔ ڈپٹی کمشنر چکوال نے 25 لاکھ روپے کے امدادی چیک شعیب افضل ک

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

کیا مضبوط معیشت کیلئے سیاسی آزادی قربان کرنی چاہیے؟

رائے کے اعتبار سے ملک اس وقت دو دھڑوں میں بٹا ہوا ہے۔ تحریک انصاف کی طرف سے احتجاجی تحریک چلانے کے اعلان کے بعد سے اس پارٹی سے ہمدردی رکھنے والے ملک میں شہری آزادیوں اور سیاسی گھٹن کا حوالہ دے کر تبدیلی کا مطالبہ کرتے ہیں تاکہ ملک میں حقیقی جمہوریت آسکے۔ جبکہ دوسری طرف سرکاری ذرائع بظاہر سیاسی احتجاج کا حق تسلیم کرتے ہیں لیکن ساتھ ہی یہ واضح کیا جارہا ہے کہ قانون توڑنے کی کوشش ہوئی تو قانون اپنا راستہ بنائے گا۔

یہ صورت حال نئی تو نہیں ہے لیکن سیاسی اختلاف کی بنیاد پر ملکی نظام کو چیلنج کرنے کی صورت حال پریشان کن ضرور ہے۔ کیوں کہ اس سے سرمایہ کاری متاثر ہوسکتی ہے اور ملکی پیداواری صلاحیت میں سست روی دیکھنے میں آتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حکومتی نمائندے جب بھی تحریک انصاف اور پی ٹی آئی کی بات کرتے ہیں تو وہ احتجاج کو 'اقتدار کی ہوس' قرار دیتے ہیں۔ سرکاری موقف یہی ہے کہ اس وقت ملکی معیشت کو بحال کرنا ہی حکومت اور اپوزیشن کا مشترکہ مقصد ہونا چاہیے۔ اس لیے جو سیاسی عناصر بھی احتجاج کرکے معمولات زندگی کو متاثر کرنا چاہتے ہیں، وہ ملک وقوم کے حقیقی دوست نہیں ہوسکتے۔ اس کے برعکس تحریک انصاف کے لیڈر بجا طور سے سیاسی احتجاج کو جمہوریت کی روح اور کسی بھی شہری کا آئینی حق قرار دیتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ کوئی حقیقی منتخب حکومت کبھی عوامی سیاسی احتجاج کو مسترد نہیں کرسکتی۔ موجودہ حکومت چونکہ ہائبرڈ نظام کی پیداوار ہے اور جعلی انتخابات کے ذریعے اقتدار میں آئی ہے، اس لیے نہ تو اسے کسی احتجاج کو روکنے کا حق حاصل ہے اور نہ ہی ملکی معاملات پر اس کی دسترس عوام کے حقیقی جذبات کے عین مطابق ہے۔

اصولی طور سے اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ فعال جمہوریت میں سیاسی احتجاج اور آزادی رائے کا راستہ نہیں روکا جاسکتا۔ اس حوالے سے یہ اعتراضات درست ہیں کہ حکومت نے متعدد اقدامات کے ذریعے سیاسی آزادیوں کو محدود کیا ہے اور اظہار رائے کا گلا گھونٹنے کا اہتمام کیا گیا ہے۔ لیکن دوسری طرف تحریک انصاف جس احتجاج کے لیے موقع لینے کو اپنا حق قرار دیتی ہے، اس میں کسی اصول، کسی حد اور کسی ضابطے کو تسلیم نہیں کیا جاتا۔ گزشتہ دنوں ہی ایک شہری کی مغلظات بھری گفتگو کی بنیاد پر جہاں حکومت نے سخت ردعمل ظاہر کیا تو اس کے ساتھ ہی تحریک انصاف کے سوشل میڈیا متحرکین نے اس شخص کو قومی ہیرو بنا کر پیش کرنے کی کوشش کی۔ یہ دعوے کیے گئے کہ اس شخص کی 'گالیاں' عوام کی حقیقی آواز ہیں لیکن طاقت کے نشے میں دھت حکومت کو عوام کے یہ احساسات سنائی نہیں دیتے۔

حالانکہ چوبیس کروڑ آبادی والے ملک میں ہر قسم کی رائے اور رویہ رکھنے والے لوگ موجود ہیں۔ ان میں متوازن سوچ کے حامل بھی ہیں لیکن اپنی ناراضی کو شدید بلکہ غلیظ الفاظ میں بیان کرنے والے بھی موجود ہیں۔ ایسے میں سیاسی لیڈروں اور پارٹیوں کا طریقہ سیاسی مطالبات کو مہذب اور قانونی طریقے سے سامنے لانا ہونا چاہیے۔ کسی غیر قانونی یا غیر اخلاقی طرز گفتگو میں ملوث شخص کو ہیرو بنا کر اپنا سیاسی ایجنڈا مکمل کرنے کی کوشش نہیں کرنی چاہیے کیوں کہ اس طرح اس سیاسی پارٹی کا سنجیدہ موقف بھی نعرے بازی اور سنسنی خیز گفتگو کی وجہ سے سنا نہیں جاتا۔ بدقسمتی سے تحریک انصاف یہ فرق ملحوظ خاطر رکھنے میں ناکام ہے۔

اسی طرح تحریک انصاف پر سیاسی احتجاج کے حوالے سے یہ الزام بھی عائد ہوتا ہے کہ وہ قومی مفاد اور سیاسی ضرورتوں میں حد فاصل قائم کرنے میں کامیاب نہیں ہورہی۔ مئی میں پاک بھارت جنگ کے دوران یہی صورت حال دیکھنے میں آئی جب تحریک انصاف سے تعلق رکھنے والے بیشتر عناصر نے فوج سے 'سیاسی اختلاف' کی بنیاد پر قومی مفادات کے برعکس ٹرینڈ چلانے اور رائے متحکم کرنے کو ترجیح دی۔ اس سے تحریک انصاف کی سیاسی پوزیشن کو ویسا ہی نقصان پہنچا جیسا کہ سانحہ 9 مئی کے بعد اس کی مذمت کرنے اور غلطی تسلیم کرنے کی بجائے، اسے پارٹی کے خلاف سازش قرار دینے کی کوشش سے ہوا تھا۔ بانی تحریک انصاف خود سانحہ 9 مئی کو فالس فلیگ آپریشن قرار دیتے رہے ہیں۔ یعنی ان کا دعویٰ ہے کہ اس روز رونما ہونے والے واقعات میں تحریک انصاف ملوث نہیں تھی بلکہ عسکری قیادت نے پارٹی کو پھنسانے کے لیے یہ 'ڈرامہ' رچایا تھا۔ اس کے بعد اس الزام میں تحریک انصاف کے کارکنوں و لیڈروں کو نشانہ بنایا گیا۔

عورت کی معاشی خودمختاری کے تصور میں ایک اعتراض کا پیراڈکس

رفیع اللہ میاں

''ایک مرد ساری عمر بیوی بچے پالتا ہے، پر جیسے ہی یہ نظام عورت کو چلانا پڑے تو لعن طعن شروع ہوجاتی ہے۔''

اس جملے میں الفاظ اور گرائمر کے ذریعے ایک معنیٰ تشکیل دیا گیا ہے۔ یہ معنیٰ ''جلی حروف'' میں ہے۔ یعنی اس تک پہنچنے کے لیے ''گہرائی'' میں نہیں سوچنا پڑتا۔ اور ایک ایسا معنیٰ جو بظاہر یعنی فوری طور پر بالکل درست لگتا ہے، جو ایک سماجی حقیقت معلوم ہوتی ہے۔ لیکن اس میں سارے الفاظ۔ مرد، بیوی، پرورش (پالنا)، نظام، عورت، لعن طعن سماجی طور پر بنائے گئے (تشکیل شدہ) ہیں۔ یعنی لفظ مرد یا عورت انسانی بدن کی طرح، یا کسی درخت یا پتھر کی طرح، فطرت کا مظہر نہیں ہے۔ انسان نے ہزاروں سال کی زندگی میں بود و باش کے دوران زبان کی صلاحیت کے ساتھ یہ لفظ اور اس سے جڑے تصورات اور معنی خود بنائے ہیں۔ الفاظ اور اس کے معنی انسانوں کے بنائے ہوئے ہیں، اور الفاظ اور معنی میں رشتہ فطری نہیں ہوتا (یعنی فطرت کا دیا ہوا نہیں ہوتا جو پتھر کی طرح ٹھوس شے ہو، جو ہمیشہ پتھر ہی کی طرح جامد رہے)، اس لیے مذکورہ بالا اقتباسی جملہ جو معنیٰ دے رہا ہے وہ بھی کوئی ٹھوس حقیقت نہیں ہے۔

جملے کو توڑ کر دیکھیں: ''ایک مرد ساری عمر بیوی بچے پالتا ہے'' ایسا مرد اس لیے کرتا ہے کیوں کہ معاشرے نے اس کے لیے یہ ذمہ داری ''ہمیشہ کے لیے'' متعین کردی ہے۔ وہ مرے یا جیے اسے یہی کرنا ہے۔ اس کے لیے اسے اپنی سوچ، اپنی خواہشات، اپنے نفسیاتی میلانات، اپنی جسمانی ضرورتیں تج دینا پڑ جاتی ہیں۔ صرف یہی نہیں، اسے ہزاروں سال سے دن رات یہ سبق پڑھایا جارہا ہے کہ وہ ''مرد'' ہے، اس کا کام ''بیوی بچے پالنا'' ہے۔ یہ کردار جسمانی نہیں ہے بلکہ صنفی ہے یعنی بلاشبہ، نر جسمانی طور پر لاکھوں سال سے مادہ سے مختلف چلا آرہا ہے۔ لیکن اس کا ''کردار'' جسمانی نہیں صنفی ہے۔

یہ وزن، عضلاتی طاقت، کمر، پیلوک (پیڑو) کے لحاظ سے مختلف ہوتے ہیں۔ یہ فرق جینیاتی ہے۔ ارتقائی ہے۔ اس میں معاشرتی ''کردار'' کا کوئی ہاتھ نہیں ہے۔ یعنی سیدھا چلنے، شکار، حمل اور دودھ پلانے کی ضرورت نے جسمانی طور پر انسان کو مخصوص شکل دی۔ لیکن اس جسمانی فرق کو مخصوص ''سماجی ترتیب'' فطرت نے نہیں، بلکہ آدمیوں نے اس وقت سے دینا شروع کی، جب سے اس نے گروہوں کی شکل میں رہنا شروع کیا اور رشتوں اور تعلقات کی نئی اور زیادہ وسیع شکلیں بننے لگیں۔

پھر زبان نے اس فرق کو اور وسیع کیا، یہاں تک کہ کردار ''باقاعدہ'' طور پر بانٹ دیے گئے۔ ایسے الفاظ بنائے گئے جو حتمی اصول سمجھے گئے۔ یعنی مادہ ہر حال میں ایک ہی طرح کا کام کرے گی، اور یہ ہر حال میں دوسری طرح کے کام کے میدان سے دور رہے گی۔ اگر یہ پابندی جسمانی سطح کی ہو، تو یہ مادہ کا اپنا جسمانی تقاضا ہوسکتا ہے۔ لیکن یہ پابندی سماجی ہو تو پھر یہ مادہ پر مسلط کردہ تقاضا ہے۔ انسان پر گزری تاریخ کے ہر دور میں مادہ نے نر کے ساتھ ساتھ ہر میدان میں اپنی کارگزاری دکھائی۔

آثار قدیمہ اس کے بھرپور اور ناقابل تردید ثبوت فراہم کرتے ہیں۔ پیرو کی تقریباً 9 ہزار سال پرانی ولامایا سائٹ سے ملنے والی شکاری عورت کی باقیات اس کی ایک مثال ہے۔ جدید تحقیق بتاتی ہے کہ (جسمانی ساخت کے باوجود۔ اور اس سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ جسمانی فرق فخر کے لیے معمولی سا بھی سہارا فراہم نہیں کرتا) ابتدائی انسانوں میں خوراک کا بڑا حصہ عورتیں جمع کرتی تھیں (مرد کے شکار والے حصے کے ساتھ ساتھ)۔

اور زرعی انقلاب تو ایسا لگتا ہے کہ عورت کے کندھوں ہر دھرا ہوا ہے۔ کھیتی باڑی کا نصف سے زیادہ کام عورت کے ذمے تھا۔ صرف جانور ہی نہیں پالے، انسانیت کو برتن بنانا اس نے سکھایا، کپڑا بُننے کی صلاحیت اس نے پیدا کی۔ آثار قدیمہ میں اس کے بے تحاشا ثبوت میسر ہیں۔

جس طرح مذکورہ بالا مخصوص طور پر بنایا ہوا جملہ ''روایتی سوچ'' پر مبنی ہے، اسی طرح روایتی تاریخ نے عورت کو جنگ کے میدان سے دور دکھایا ہے۔ یہ بھی اس جملے کی طرح فطری ''سچ'' نہیں ہے۔ آثار ثبوت فراہم کرتے ہیں کہ خانہ بدوش عورتیں اس میدان میں بھی مردوں کے ساتھ ساتھ رہیں۔ کیا ہم یہاں خود سے یہ سوال نہ کرلیں کہ کیا یہ عورتیں جسمانی طور پر مردوں سے مختلف نہ تھیں۔ بالکل تھیں۔ یہ عورتیں اس وقت بھی بچے پیدا کرتی تھیں، انھیں دودھ پلاتی تھیں۔ لیکن پھر حقیقت یہ تھی کہ فرق جسمانی تھا لیکن معاشرتی نہیں تھا، فرق باقاعدہ ترتیب دے کر بانٹا ہوا نہیں تھا، فرق زبان کے الفاظ اور معنی نے پیدا نہیں کیا تھا۔

گیارہویں صدی تک کے وائکنگز ہی نہیں، یونانی اساطیر میں امیزون وارئرز بھی صرف کہانیاں نہیں ہیں۔ لیکن جسمانی فرق کو رفتہ رفتہ معاشرتی فرق میں تبدیل کیا گیا۔ زبان کے ذریعے اسے ''ہمیشگی'' اور ''الوہی'' سطح فراہم کی گئی۔ یہاں تک کہ زرعی دور میں عورتوں کا کردار گھریلو دائرے تک محدود کردیا گیا۔ سماجی تاثر نے اس پر مہر ''تصدیق'' ثبت کردی۔

اس بشریاتی (Anthropological) پس منظر پر ایک نگاہ دوڑانے کے بعد اب اس جملے پر ایک بار پھر نگاہ دوڑائیں: ''ایک مرد ساری عمر بیوی بچے پالتا ہے، پر جیسے ہی یہ نظام عورت کو چلانا پڑے تو لعن طعن شروع ہوجاتی ہے۔''

جیسے ہی دونوں اکائیوں میں معمولی سطح کا جھگڑا رونما ہوتا ہے، نر آدمی اپنی بڑائی کو فطری سمجھتے ہوئے مادہ آدمی کو اس کی حیثیت جتانے لگ جاتا ہے، بار بار یاد دہانی کراتا ہے کہ وہ اس کا ''پالن ہار'' ہے۔ اس لیے دنیا کے ہر معاشرے میں چیختا چلاتا نامرد ہی کا زیادہ ''حق'' بنتا دکھائی دیتا ہے۔ یہ ''حق'' اسے اس کی معاشی ''خودمختاری'' نے دیا ہے۔ عورت کو معاشرے نے ایک تو اس حق سے باقاعدہ طور پر محروم کیا ہوا ہے، دوم اگر اسے یہ کسی طرح مل جاتا ہے تو اس کے روایتی اظہار (جو وہ مرد کے عمل اور رویے میں دیکھتی آرہی ہے) پر یہی مرد اعتراض وارد کردیتا ہے۔

اب اس جملے کو پھر سے پڑھیں: ''ایک مرد ساری عمر بیوی بچے پالتا ہے، پر جیسے ہی یہ نظام عورت کو چلانا پڑے تو لعن طعن شروع ہو جاتی ہے۔''

باصلاحیت کون؟ ڈگری والا یا مزاحمت کرکے نتیجہ دینے والا



حرف رواں
تحریر
ڈاکٹر محمد عمران

ایک تپتی دوپہر، جب سورج پورے جلال سے چمک رہا تھا، میں اپنے زمیندار دوست حاجی صاحب کے ساتھ ان کی زمینوں پر گیا۔ ہم دونوں ایک پرانے پیپل کے درخت کے نیچے بیٹھے گرمی کی شدت سے بچنے کی کوشش کررہے تھے۔ ہلکی ہلکی ہوا کے جھونکوں کے درمیان، ہم دنیا جہاں کی باتیں کررہے تھے۔ یوں ہی باتوں باتوں میں، میں نے اپنے ایک دوست کا ذکر چھیڑ دیا۔

''بڑا قابل تھا وہ،'' میں نے کہا۔ ''سکول میں ٹاپ کیا، یونیورسٹی میں نمایاں کارکردگی دکھائی اور پھر پاکستان کے ایک بڑے سرکاری ادارے میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر بن گیا۔ لیکن زیادہ دیر نہ چل سکا۔ اسے کرپشن نے گھیر لیا۔ وہ مجبور ہو کر نوکری چھوڑ گیا اور ملک سے باہر چلا گیا۔ یہاں ٹیلنٹ کی کوئی قدر نہیں، اس ملک میں صلاحیت رکھنے والے افراد کے لیے کوئی جگہ نہیں۔''

میری بات ختم ہوئی تو حاجی صاحب نے ایک گہری سانس لی۔ ان کی آنکھوں میں کچھ سوچنے والا تاثر تھا۔ پھر پنجابی میں بولے:

''چوہان صاحب، کاندا چنگا (باصلاحیت) سی تہاڈا یار؟ جیڑا کسے وی چیز نوں ٹھیک کھیتے بنا ہی باہر ٹُر گیا؟ چس تاندآندی جے اوہ وگڑیاں نوں ٹھیک کردا، سیدھیاں نال تے سارے ای کم کرلیندے نے گل تاندے وگڑیاں نوں سدھا کرے!''

انہوں نے کہا کہ اگر وہ واقعی باصلاحیت تھا تو اس کی صلاحیت کا اصل امتحان تب ہوتا جب وہ اس بگڑے ہوئے کرپٹ نظام میں رہ کر کچھ درست کرتا، مزاحمت کرتا، اپنے جیسے نیک نیت لوگوں کو تلاش کرتا، ان کی طاقت بنتا، ان کی آواز بنتا۔ لیکن اس نے تو آسان راستہ چنا۔ فرار کا راستہ۔ اُس نے میدان جنگ کو چھوڑا اور دوسروں کو ظالموں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا۔

ان کے یہ الفاظ میرے دل کو چھو گئے۔

اگر وہ ملک سے باہر اس ارادے سے جاتا کہ میں تعلیم حاصل کرکے، تجربہ لے کر، سیکھ کر واپس آؤں گا اور بہتری لاؤں گا تو بھی بات کچھ اور ہوتی لیکن وہ تو صرف اپنی جان بچا کر نکل گیا اور جو اس کے جیسے تھے وہ اکیلے رہ گئے۔

کرپٹ لوگوں نے اپنی نسل تیار کرلی، لیکن نیک لوگوں نے اپنی کوئی فوج تیار نہ کی۔ وہی ادارہ، وہی کرپشن، وہی ناانصافی اور وہی گند۔ اور وہ شخص جو کچھ بدل سکتا تھا، اپنی قابلیت، اپنی تعلیم اور اپنی جوانی کے تمام خزانے کسی اور کی جھولی میں ڈال کر چلا گیا۔

صلاحیت کا اصل مطلب کیا ہے؟

صلاحیت صرف ڈگری، پوزیشن یا ٹیسٹ میں ٹاپ کرنے کا نام نہیں۔ اصل صلاحیت یہ ہے کہ آپ مشکل حالات میں کھڑے ہوسکیں۔ ظلم کو ظلم کہہ سکیں۔ تنہا ہو کر بھی آواز بلند کرسکیں۔ اگر آپ صرف اس لیے ملک چھوڑ دیں کہ یہاں سب خراب ہے، تو آپ میں اور ایک عام آدمی میں کیا فرق رہا؟ جنہوں نے کبھی دعویٰ ہی نہ کیا کہ وہ کچھ کرسکتے ہیں۔

اکثر اداروں میں ہم دیکھتے ہیں کہ جب کوئی ٹیم ناکام ہوتی ہے، تو ٹیم لیڈر اپنی ذمہ داری دوسروں پر ڈال دیتا ہے: ''مجھے ناکامی فلاں بندے کی وجہ سے ہوئی، فلاں نے وقت پر کام نہیں کیا۔'' لیکن اصل باصلاحیت فرد وہ ہوتا ہے جو غیر تربیت یافتہ افراد کو سکھاتا ہے، انہیں تربیت دیتا ہے، اُن میں صلاحیت منتقل کرتا ہے۔ یہ صلاحیت صرف موزوں ماحول میں نہیں ناپی جاتی۔ سازگار حالات تو کسی کسی کو ملتے ہیں: کسی کو خاندانی پیسہ، کسی کو بااثر رشتہ دار، کسی کو مددگار دوست یا تعاون کرنے والی فیملی۔ لیکن اصل امتحان تب ہوتا ہے جب آپ کو یہ سہولیات میسر نہ ہوں اور پھر بھی آپ اپنی صلاحیت کے بل بوتے پر حالات کو قابو میں لائیں۔

اکثر اوقات ایک فرد کو کوئی ٹاسک دیا جاتا ہے، وہ فون کرتا ہے، میسج کرتا ہے، لیکن متعلقہ شخص کا جواب نہ آنے پر یہ فرض کرلیتا ہے کہ وہ تعاون نہیں کرنا چاہتا۔ نتیجتاً وہ ناکام ہو جاتا ہے۔ دوسری طرف، ایک باصلاحیت فرد ایسے حالات میں متبادل ذرائع اپناتا ہے، دفتر یا گھر کا چکر بھی لگا لیتا ہے، تو پتا چلتا ہے کہ متعلقہ فرد کا فون خراب تھا یا وہ لاعلم تھا۔ اور کام فوراً مکمل ہوجاتا ہے۔

اداروں میں اکثر یہ رویہ بھی دیکھنے کو ملتا ہے کہ لوگ صرف یہ جملے دہراتے ہیں: ''میں نے کال کی تھی''، ''ای میل کردی تھی''، ''فائل رکھ دی تھی''، ''میں نے پہنچا دیا تھا''۔ لیکن اصل کام جو مطلوب تھا، وہ مکمل نہیں ہوتا کیونکہ اطلاع موثر انداز میں نہیں دی جاتی، فالو اپ نہیں کیا جاتا، نتیجہ حاصل کرنے کی ذمہ داری قبول نہیں کی جاتی۔ محض یہ کہنا کہ ''میں نے تو بتا دیا تھا'' صلاحیت نہیں کہلاتا۔ اصل صلاحیت یہ ہے کہ آپ نتیجہ دے سکیں، راستہ نکال سکیں اور کام کو انجام تک پہنچا سکیں، چاہے حالات جیسے بھی ہوں۔

قومیں ایسے ہی تباہ ہوتی ہیں۔ جب اچھے لوگ چپ ہو جائیں، جب قابل لوگ فرار ہو جائیں، جب نیک لوگ میدان چھوڑ دیں اور برے لوگ اپنی جڑیں گہری کرلیں۔

یہ واقعہ میرے لیے محض ایک نشست نہیں تھا بلکہ ایک آنکھ کھول دینے والا سبق تھا۔ حاجی صاحب کی زبان میں شاید فلسفے کی چاشنی نہ ہو، لیکن ان کی بات سیدھی دل میں جا لگی:

''بزدلی اور آسانی کی راہ اختیار کرنا صلاحیت نہیں، صلاحیت تو وہ ہے جو بگڑوں کو سنوار دے۔''

اگر ہم واقعی تبدیلی چاہتے ہیں، اگر ہم اس نظام کو بہتر دیکھنا چاہتے ہیں، تو ہمیں میدان میں رہ کر لڑنا ہوگا۔ مزاحمت کرنی ہوگی۔ اپنی نسلوں کے لیے راستے کھولنے ہوں گے، نہ کہ دروازے بند کرکے خود نکل جانا ہوگا۔

انسانی حقوق کے قومی ادارے اور جبری تبدیلی مذہب

نبیلہ فیروز بھٹی

قومی کمیشن برائے حقوقِ اطفال کی 30 اپریل کو جاری کردہ رپورٹ ''پاکستان میں بچوں کی صورتحال 2024'' کے مطابق ''اقلیتی بچیوں خصوصاً ہندو اور مسیحی برادریوں کی بچیوں کی جبری تبدیلی مذہب ان کے بنیادی حقوق اور آزادیوں کی شدید خلاف ورزی ہے۔ نابالغ بچیوں کا اغوا، جبری تبدیلی مذہب اور بڑی عمر کے مردوں سے نکاح سندھ اور پنجاب میں کثرت سے رپورٹ ہوئے ہیں۔ صوبہ سندھ میں صورتحال خاص طور پر ابتر ہے جہاں جبری تبدیلی مذہب کے رپورٹ کردہ کیس 69 فیصد ہیں جبکہ پنجاب میں یہ 30 فیصد ہیں۔ جبری تبدیلی مذہب کا شکار 71 فیصد اٹھارہ سال سے کم عمر بچیاں ہیں جبکہ 22 فیصد چودہ سال سے بھی کم عمر جن کی جبری شادیاں بھی کروا دی گئیں۔ قانونی تحفظات کی کمی اور معاشرتی بے حسی مجرموں کو ایسا فعل کرنے کی ترغیب دیتی ہے۔ جس سے متاثرہ خاندان صدمے کا شکار اور بے اختیار رہتے ہیں''۔ قومی کمیشن برائے حقوقِ اطفال نے دسمبر 2021 میں بھی جبری تبدیلی مذہب کو بچوں کے حقوق کی سنگین خلاف ورزی مانتے ہوئے اس پر ایک پالیسی بریف جاری کیا تھا اور نہایت ٹھوس سفارشات پیش کی تھیں۔

قومی کمیشن برائے وقارِ نسواں (NCSW) نے خواتین اور بچیوں کی جبری تبدیلی مذہب کی مسلسل مذمت کی ہے اور اسے صنفی بنیاد پر تشدد کی ایک شکل تسلیم کرتے ہوئے اس سے نمٹنے کے لئے قانون سازی کرنے اور اس پر عمل درآمد کا مطالبہ کیا ہے۔ قومی کمیشن برائے انسانی حقوق (NCHR) نے سندھ اور پنجاب میں جبری تبدیلی مذہب کو انسانی حقوق کی خلاف ورزی مانتے ہوئے مجرموں سے نابالغ لڑکیوں کو بازیاب کروایا ہے۔ اس طرح سے پاکستان میں انسانی حقوق کے قومی ادارے (NHRIs) جبری تبدیلی مذہب کے مسلے کو سمجھتے ہیں، اس پر قانون سازی اور قانون کے مکمل نفاذ کا مطالبہ کرتے ہیں۔ انسانی حقوق کے چوتھے قومی ادارے قومی کمیشن برائے حقوقِ اقلیت (NCMR) کا مسودہ ایوانِ زیریں اور ایوانِ بالا سے پاس ہو چکا ہے لیکن نامعلوم وجوہات کی بنا پر صدرِ مملکت نے تاحال اس پر دستخط نہیں کیے اور پیرس پرنسپلز سے قریب اس مسودے کو تاحال قانون کا درجہ نہیں مل سکا۔

جبری تبدیلی مذہب پر تشویش اس خطے کے لئے نیا رجحان نہیں ہے۔ اس مسئلے کو نمایاں کرنے لئے آل انڈیا مسلم لیگ نے دسمبر 1927 میں کلکتہ میں ایک قرارداد پاس کی۔ تاریخ دان غلام علی الانا کی کتاب 'پاکستان موومنٹ: ہسٹارک ڈاکومنٹس' کے مطابق مسلم لیگ نے مطالبہ کیا تھا کہ ''ہر فرد یا گروہ کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ دلیل یا دعوت کے ذریعے کسی دوسرے کو اپنے مذہب کی طرف تبدیل یا دوبارہ تبدیل کرنے پر راغب کرے۔ لیکن کسی فرد یا گروہ کو طاقت، دھوکہ دہی یا دیگر غیر منصفانہ ترغیبات سے ایسا کرنے کی اجازت نہیں ہونی چاہیے۔ نیز اٹھارہ سال سے کم عمر افراد کا مذہب اس وقت تک تبدیل نہیں کیا جانا چاہیے جب تک ان کے والدین یا سرپرست مذہب تبدیل نہ کریں۔ اگر اٹھارہ سال سے کم عمر کوئی فرد اپنے والدین یا سرپرست کے بغیر دوسرے عقیدے کے لوگوں میں گھرا پایا جائے تو اسے فوراً اس کے اپنے عقیدے کے لوگوں کے حوالے کرنا چاہیے''۔ پس تقریباً ایک صدی پہلے مسلم لیگ نے تبدیلی مذہب کے لئے اصول واضح کیے۔

مزید برآں پاکستان کے آئین کا آرٹیکل 20 تمام شہریوں کو اپنے مذہب کو ماننے، اس پر عمل پیرا ہونے اور اس کا پرچار کرنے کی آزادی کی ضمانت دیتا ہے۔ اس میں مذہب اور عقیدے میں تبدیلی کی آزادی بھی شامل ہے مگر وہ کسی جبر یا غلط ترغیبات کے نتیجے میں نہ ہو۔ علاوہ ازیں، پاکستان پینل کوڈ کے سیکشن 498۔B کے مطابق جبری



شادیوں کی ممانعت کرتے ہوئے، غیر مسلم عورت اور کمسن بچی سے شادی کی کم از کم سزا پانچ سال قید اور جرمانہ ہے۔ تاہم جبری تبدیلی مذہب کی روک تھام کے لئے مخصوص قانون سازی کی 2016 اور 2019 میں بھی مخالفت کی گئی ہے۔ ستمبر 2020 میں مذہبی اُمور و بین المذاہب ہم آہنگی کے صرف اسلامی امور کی وزارت نہیں ہے، یہ ملک میں بسنے والی مذہبی اقلیتوں کی بھی وزارت ہے۔ اسے یہ سمجھنے کی ضرورت ہے کہ وزارتِ انسانی حقوق کی جانب سے تیار کردہ مسودہ بل عام شہریوں کی مذہبی آزادی کو مجروح کرنے کی بجائے اقلیتوں سے تعلق رکھنے والی خواتین اور بچیوں کے جبری تبدیلیٔ مذہب کو روکنے کی کوشش تھی۔ یہ صرف مذہبی مسئلہ نہیں بلکہ انصاف اور حقوق کا معاملہ ہے۔ وزارتِ مذہبی اُمور کو اقلیتوں کے خلاف جبری تبدیلیٔ مذہب جیسے بدترین جرائم سے تحفظ کے لئے حق کا ساتھ دینا چاہیے تاکہ تاریخ میں اسے اچھے لفظوں میں یاد کیا جائے۔ اقلیتیں برسوں سے جرائم پیشہ افراد اور گروہوں کے ہاتھوں نقصان اٹھا رہی ہیں، جو مذہب کو جرائم پر پردہ پوشی کے لئے استعمال کررہے ہیں۔ حکومت اقلیتوں کے تحفظ کے لئے اپنے فرض کو نبھاتے ہوئے اس لاقانونیت کو روکے۔

پاکستان 1948 سے اقوامِ متحدہ کا رکن ملک ہے، انسانی حقوق کے عالمی منشور کا آرٹیکل 18 بھی مذہب کی آزادی کی ضمانت دیتا ہے اور اسے آزاد مرضی سے بدلا بھی جا سکتا ہے جبکہ کوئی مجبوری نہ ہو۔ شہری اور سیاسی حقوق کے بین الاقوامی میثاق کا آرٹیکل 18 (4) اور حقوقِ اطفال کے بین الاقوامی میثاق کا آرٹیکل 14 (2) بچوں کے مذہب کے انتخاب کا حق والدین کو دیتا ہے جب تک وہ اٹھارہ سال کے نہ ہو جائیں۔ پاکستان ان دونوں معاہدوں کی توثیق کر چکا ہے۔ عالمی معیارات کے مطابق جب بچے کے والدین یا سرپرست خاندان سمیت مذہب تبدیل کریں تو ہی ایک بچے کا مذہب تبدیل ہوسکتا ہے۔

حالیہ سالوں میں بھی جبری تبدیلی مذہب کے واقعات کی رپورٹنگ مسلسل ہو رہی ہے لیکن حکومتوں کا لسلی بخش جواب سامنے نہیں آرہا۔ جس کی بڑی وجہ وزارتوں کے آپس میں اتفاق کا فقدان، اور مذہبی رہنماؤں اور گروہوں کی بلاوجہ مداخلت ہے۔ قوم کے سامنے یہ سوال ہیں؛ کہ قانون سازوں کو جبری تبدیلی مذہب کے رجحان کو تسلیم کرنے کے لئے کتنے مزید ثبوت درکار ہیں؟ مزید کتنی کمسن بچیوں کو اغوا اور جبری تبدیلی مذہب کا سامنا کرنا ہے؟ کیا تبدیلی مذہب کی چھتری تلے ریپ قابل قبول ہے؟ بچیوں کی عمر کی آزادانہ تصدیق کے لئے اور کتنا وقت چاہیے؟ پسماندہ طبقات کے انسانی حقوق کی مزید کتنی پامالی ہوگی؟ اعداد و شمار سے پتہ چلتا ہے کہ جبری تبدیلی مذہب کے ساتھ متعدد دیگر جرائم مثلاً ہراسانی، اغوا، جبری شادی، کمسنی کی شادی، ریپ، گینگ ریپ، جبری جسم فروشی اور طاقت کا بے جا استعمال جُڑے ہوئے ہیں۔

بلاخوف سزا، اقلیتی بچیوں کو اغوا کرکے زبردستی اسلام قبول کروایا جاتا ہے اور غیر قانونی طور پر بچی سے کئی گنا بڑی عمر کے مسلمان مرد سے شادی کروائی جاتی ہے اس میں کئی عوامل شامل ہیں جن کا تعلق ہمارے نظامِ انصاف کے اندر پائے جانے والے بگاڑ سے ہے۔ پولیس اور جوڈیشل افسران کی غفلت، پیچیدہ بلکہ ملزم کے ساتھ معاندانہ رویے متاثرہ پارٹی کو بڑی مشکل میں ڈال دیتے ہیں۔ یہ ایک زمینی حقیقت ہے کہ متاثرین اور ان کے اہلِ خانہ بہت زیادہ خوفزدہ ہوتے ہیں اور کیس کو رپورٹ کرنے سے حد درجہ گریزاں ہوتے ہیں۔ جبری تبدیلی مذہب کی روش نے امتیازی قوانین اور معاشرتی تعصبات کے ساتھ مل کر مذہبی اقلیتوں کی زندگی کو اجیرن بنا رکھا ہے۔

بلاشُبہ، جبری تبدیلی مذہب انسانی حقوق اور مذہبی آزادی کی خلاف ورزی ہے۔ ستم ظریفی یہ ہے کہ جب بھی جبری تبدیلی مذہب کا کوئی واقعہ ذرائع ابلاغ کی توجہ حاصل کرتا ہے حکومت اس پر قانون بنانے کے اپنے وعدے کا اعادہ کرتی ہے مگر پھر کچھ عناصر کے ہاتھوں یرغمال بن جاتی ہے۔ وفاقی اور صوبائی حکومتیں اپنی ذمہ داری سے گریز کر جاتی ہیں۔ اب جبکہ پاکستان میں انسانی حقوق کے قومی ادارے (NHRIs) اس بدصورت عمل کو روکنے کا مطالبہ کررہے ہیں تو تمام فریقین کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ حکومت اور اپوزیشن پارٹیوں کو مل کر مذہبی اقلیتوں کے تحفظ کے لئے جبری تبدیلی مذہب کی روک تھام کے لئے مضبوط قانون سازی کرنی چاہیے اور اس پر عمل درآمد کو یقینی بنانا چاہیے۔ اس سے پاکستان کا وقار اپنے شہریوں کی نظر میں بھی بلند ہوگا اور بین الاقوامی سطح پر بھی۔ اس سے پاکستان میں مذہبی اقلیتوں کے بچے اور خواتین محفوظ اور آسودہ ہوں گے اور پاکستان خوشحال اور پرامن ملک ہوگا۔

کیا امریکہ اپنے بحران پر قابو پالے گا؟



تحریر
روپ چند سکرانی

سرد جنگ میں دو قطبی دنیا کا ظہور ہوا۔ فکری اور سیاسی اعتبار سے دنیا دو انتہاؤں میں تقسیم ہوگئی۔ سوویت بلاک کے حامیوں کا خیال تھا کہ ترقی یافتہ سرمایہ دار ملک امریکہ کی قیادت میں دنیا پر جدید نو آبادیاتی نظام مسلط کرنا چاہتے ہیں، سوویت مخالفین کا یقین تھا کہ سوویت یونین جمہوریت، انسانی حقوق، آزادی، مذہبی اور سماجی اقدار ختم کرکے دنیا پر کمیونسٹ نظام قائم کرنا چاہتا ہے۔

ان دو انتہاؤں میں تقسیم سوچ کے مطابق، نظریاتی دوست مکمل درست اور مخالف مکمل طور پر غلط ہوتا ہے۔ تصویر کے صرف دو رخ ہوتے ہیں۔ ایک سیاہ دوسرا سفید، درمیان میں کچھ نہیں ہوتا۔ دوست کی ہر برائی میں کوئی حکمت اور دشمن کی ہر اچھائی میں کوئی چالاکی چھپی ہوتی ہے۔ یہ سوچ، افکار اور خیالات میں رنگارنگی اور تنوع کو مسترد اور اپنے نظریے اور نظام حیات کو سماج نافذ کرنا اپنا مقدس ی





قوت

SHOWBIZ

ایک لڑکی اکیلے کیسے مرسکتی ہے؟ فضا علی کا حمیرا اصغر کی موت پر جذباتی بیان

کہ حمیرا کے والدین نے سماج کو خوش کرنے کے لیے اپنی بیٹی سے تعلق ختم کیا



لاہور (شوبز ڈیسک) اداکارہ حمیرا اصغر کی تنہائی میں موت پر فضا علی کا جذباتی ردعمل سامنے آگیا۔ فضا علی نے اپنے ویڈیو پیغام میں روتے ہوئے کہا کہ ایک لڑکی اکیلے کیسے مرسکتی ہے؟ اس کے اپنے کیوں اس سے منہ موڑ گئے؟ اسلام ہمیں کہتا ہے کہ اپنے عزیزوں کا خیال رکھو، ان پر نظر رکھو۔ انہوں نے مزید کہا کہ والدین کو اپنے بچوں کی خواہشات کو سمجھنا چاہیے اور اگر کوئی بیٹی شوبز میں کام کرنا چاہتی ہے تو اس کا ساتھ دینا چاہیے نہ کہ اسے صرف سماجی دبا کی وجہ سے گھر سے نکال دینا چاہیے۔ فضا علی کا کہنا تھا کہ حمیرا کے والدین نے سماج کو خوش کرنے کے لیے اپنی بیٹی سے تعلق ختم کیا، جس کا نتیجہ اس کی اکیلی موت کی صورت میں سامنے آیا۔

تامل ناڈو فلم انڈسٹری کے اسٹنٹ آرٹسٹ کار کا سین فلماتے ہوئے حادثے میں ہلاک

چنئی (شوبز ڈیسک) بھارت کی کالی وڈ (تامل فلم انڈسٹری) فلم کی شوٹنگ کے دوران کار کا سین فلماتے ہوئے حادثے میں معروف اسٹنٹ آرٹسٹ ایس ایم راجو ہلاک ہوگئے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق کالی وڈ اداکار آریا کی فلم کی شوٹنگ کے دوران کار حادثے کا اسٹنٹ فلمایا جارہا تھا کہ جان لیوا واقعہ پیش آیا۔ حادثے میں معروف اسٹنٹ آرٹسٹ راجو ہلاک ہوگئے تاہم حادثے سے متعلق مزید تفصیلات سامنے نہیں آئیں۔ اسٹنٹ آرٹسٹ راجو نے متعدد فلموں میں کام کیا اور وہ مشکل اسٹنٹ بآسانی کرنے کے حوالے سے مشہور تھے۔ تامل اداکار وشال نے اسٹنٹ آرٹسٹ کی موت کی تصدیق کی اور دکھ کا اظہار کیا تاہم فلم کے ہیرو آریا یا پروڈیوسرز کی جانب سے کوئی بیان سامنے نہیں آیا۔

700 سے زائد فلموں میں اداکاری کرنیوالے معروف بھارتی ولن چل بسے

حیدرآباد دکن (شوبز ڈیسک) 700 سے زائد فلموں میں اداکاری کے جوہر دکھانے والے سینئر اداکار اور بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کے سابق ایم ایل اے کوٹا سرینواسا را 83 برس کی عمر میں انتقال کر گئے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق کوٹا سرینواسا را کا انتقال حیدرآباد دکن میں واقع رہائش گاہ پر ہوا، صرف 2 دن قبل ہی انہوں نے اپنی 83 ویں سالگرہ منائی تھی۔ آندھرا پردیش سے تعلق رکھنے والے اداکار کوٹا سرینواسا را کافی عرصے سے بیمار تھے۔ سرینواسا را نے 1978 میں اپنے فلمی کیریئر کا آغاز کیا۔ 4 دہائیوں پر مشتمل اپنے شاندار کیریئر کے دوران انہوں نے 750 سے زائد فلموں میں اداکاری کی، جن میں

معروف شاعر، نغمہ نگار، فلم ساز سیف الدین سیف کو دنیا چھوڑے 32 برس بیت گئے

لاہور (شوبز ڈیسک) معروف شاعر، نغمہ نگار اور فلم ساز سیف الدین سیف کو مداحوں سے بچھڑے 32 برس بیت گئے۔ ممتاز شاعر سیف الدین سیف 20 مارچ 1922 کو امرتسر کے ادبی گھرانے میں پیدا ہوئے، قیام پاکستان کے بعد وہ ہجرت کر کے پاکستان آگئے اور لاہور میں فلم نگری سے وابستہ ہوگئے۔ سیف الدین سیف نے بے شمار خوبصورت گیت لکھے، انہوں نے فلم بھکو لے، 7 لاکھ، امراؤ جان ادا، انارکلی، نویلی دلہن، لخت جگر، تہذیب، انجمن اور شمع پروانہ سمیت بے شمار فلموں کیلئے نغمات تحریر کیے۔ اپنے ذاتی ادارے رہنما فلمز کے تحت فلمیں بھی بنائیں جن میں 7 لاکھ اور کرتار سنگھ شامل ہیں، سیف الدین سیف نے فلمی دنیا میں رہنے کے باوجود ادب سے رابطہ استوار رکھا۔ ان کے مجموعہ کلام میں خم کاکل، کف گل فروش اور دور دراز شامل ہیں، ان کی شاعری سماج کے مسائل اور زندگی کے حقائق کو حقیقت پسندانہ انداز میں بیان کرنے میں کمال رکھتی ہے

ڈپریشن کی وجہ سے کام سے وقفہ لیا، نوشین شاہ کا اعتراف

نوشین شاہ نے ہمت اور بہادری سے اپنی ذہنی صحت کے مسائل پر بات کی



کراچی (شوبز ڈیسک) پاکستانی اداکارہ نوشین شاہ نے ہمت اور بہادری سے اپنی ذہنی صحت کے مسائل پر بات کی اور کام سے وقفہ لینے کے بعد اب دوبارہ کام پر لوٹنے کا عندیہ بھی دے دیا۔ نوشین شاہ کا شمار پاکستان کی مایہ ناز اداکاراں میں کیا جاتا ہے یہی وجہ ہے کہ بے مثال اداکاری اور دیدہ زیب شخصیت کی بدولت اداکارہ مداحوں کے دلوں میں راج کرنے کا ہنر جانتی ہیں۔ تاہم وہ کچھ عرصے سے اسکرین سے غائب ہیں جسکی وجہ آج انہوں نے کھل کر بیان کردی۔ بے باک اور کھری بات کرنے سے گریز نہ کرنے والی نوشین شاہ نے حال ہی میں نجی ٹی وی کے پروگرام میں شرکت کی جہاں انہوں نے کئی اہم موضوعات پر تفصیلی گفتگو کرنے کیساتھ اپنی ذہنی صحت کے مسائل پر بھی بات کی۔ واضح رہے کہ کئی شاندار پروجیکٹس میں اپنی اداکاری سے داد وصول کرنے والی نوشین شاہ پچھلے تقریباً ایک سال سے اسکرین سے غائب تھیں، اور اب جب وہ واپس آئی ہیں تو انہوں نے اپنے ساتھ پیش آنے والے حالات اور جدوجہد کے بارے میں بھی کئی انکشافات کردیے۔

شہنشاہ غزل استاد مہدی حسن کا 98 واں یوم پیدائش 18 جولائی کو منایا جائے گا

مہدی حسن کے چاہنے والے نہ صرف پاکستان اور بھارت بلکہ ساری دنیا میں موجود ہیں

ٹھٹھہ صادق آباد (شوبز ڈیسک) شہنشاہ غزل استاد مہدی حسن کا 98 واں یوم پیدائش 18 جولائی کو منایا جائے گا اس سلسلے میں ان کے مداحوں کی جانب سے خصوصی تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا۔ کلاسیکل موسیقی کے خاندان سے تعلق رکھنے والے استاد مہدی حسن 18 جولائی 1927ء کو بھارتی ریاست راجھستان میں پیدا ہوئے۔ انہوں نے 1957ء میں کراچی میں ریڈیو پاکستان سے باقاعدہ گلوکاری کا آغاز کیا۔ انیس سو باسٹھ میں فلم فرنگی کے گیت گلوں میں رنگ بھرے بادِ نوبہار چلے مہدی حسن کی پہلی مشہور غزل تھی۔ مہدی حسن کے چاہنے والے نہ صرف پاکستان اور بھارت بلکہ ساری دنیا میں موجود ہیں۔ اور جہاں غزل گائی اور سنی جاتی ہے وہاں مہدی حسن کی مدھر آواز کا جادو سر چڑھ کر بولتا ہے۔ ان کا گیت اک حسن کی دیوی سے مجھے پیار ہوا تھا اتنا مشہور ہوا کہ یہ گیت آج بھی مہدی حسن کے سب سے زیادہ مشہور گانوں میں شمار ہوتا ہے۔ مہدی حسن نے اپنی زندگی میں پچیس ہزار سے زائد فلمی گیت اور غزل گائیں۔ مہدی حسن کو مشکل راگوں پر بھی کمال گرفت حاصل تھی وہ آواز جو دلوں کو چھو لیتی تھی، وہ شہنشاہ غزل مہدی حسن کی آواز تھی۔ ایسی آواز، اب ڈھونڈے سے بھی نہیں ملتی۔ مہدی حسن کو حکومت پاکستان کی جانب سے تمغہ حسن کارکردگی اور ہلال امتیاز سمیت تمام نمایاں قومی سطح کے ایوارڈ سے نوازا گیا۔ گائیکی کے میدان میں بام عروج پر پہنچنے کی طویل جدوجہد کے بعد مہدی حسن فالج، سینے اور سانس کی مختلف بیماریوں کا شکار ہوگئے اور طویل علالت کے بعد 13 جون 2012 کو کراچی میں اپنے خالق حقیقی سے جاملے لیکن ان کے گائی ہوئی غزلیں اور گیت آج بھی کانوں میں رس گھول رہی ہیں۔

گلوکارہ و اداکارہ روبینہ قریشی کو مداحوں سے بچھڑے 3 برس بیت گئے

کراچی (شوبز ڈیسک) کوئل سندھ اور بلبل مہران کہلائی جانے والی گلوکارہ و اداکارہ روبینہ قریشی کو مداحوں سے بچھڑے 3 برس بیت گئے۔ روبینہ قریشی 19 اکتوبر 1940 کو پاکستان کے شہر حیدرآباد میں پیدا ہوئی، انہوں نے 1960 میں اپنے کیریئر کا آغاز ریڈیو پاکستان حیدرآباد سے کیا، روبینہ اشرف نے متعدد ڈراموں اور فلموں میں بھی اداکاری کے جوہر دکھائے مگر انہیں ان کی گلوکاری کی وجہ سے شہرت ملی۔ انہوں نے پہلی بار شاہ عبداللطیف بھٹائی اور سچل سرمست کی لوک شاعری کو منفرد انداز میں گا کر لوگوں کے دل جیتے، انہیں ان کی منفرد اور سریلی آواز کی وجہ سے کوئل سندھ اور بلبل مہران کا لقب دیا گیا۔ روبینہ قریشی کو ان کی گلوکاری و اداکاری کی خدمات کے عوض صدارتی ایوارڈ کے علاوہ دیگر متعدد ایوارڈز بھی ملے۔ بلبل مہران کہلائی جانے والی گلوکارہ روبینہ قریشی طویل علالت کے بعد 13 جولائی کو 81 برس کی عمر میں کراچی میں انتقال کر گئیں۔

کشیدہ تعلقات، شوہر کے حملے میں بھارتی اداکارہ زخمی

بنگلور (شوبز ڈیسک) بھارتی ریاست کرناٹک کے شہر بنگلور میں کناڈا ٹی وی کی اداکارہ منجولا شروتی شوہر کی جانب سے کیے گئے قاتلانہ حملے میں زخمی ہوگئیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق منجولا شروتی پر ان کے شوہر امریش نے بے وفائی کے شبہے میں حملہ کیا ہے، امریش نے مبینہ طور پر شروتی پر پہلے مرچوں کا اسپرے کیا اس کے بعد اداکارہ کی پٹائی، ران اور گردن پر وار کرتے ہوئے ان کا سر دیوار سے دے مارا۔ خیال رہے کہ اداکارہ منجولا شروتی کو ان کے شوہر نے 4 جولائی کو تنقید کا نشانہ بنایا تھا، مگر اس کی خبر حال ہی میں سامنے آئی ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق منجولا اور امریش کی شادی کو 20 سال ہو چکے ہیں اور ان کے دو بچے ہیں۔ کچھ عرصے سے ان کے تعلقات کشیدہ تھے، جس کے باعث تین ماہ قبل شروتی نے علیحدگی اختیار کر لی تھی۔ منجولا شروتی اس وقت وکٹوریا اسپتال میں زیر علاج ہیں۔ پولیس نے اقدام قتل کا مقدمہ درج کرتے ہوئے امریش کو گرفتار کرلیا ہے۔

موجودہ دور اداکاری نہیں دکھاوے کا ہے، توقیر ناصر کی شوبز انڈسٹری پر تنقید

لاہور (شوبز ڈیسک) معروف سینئر اداکار توقیر ناصر نے موجودہ شوبز انڈسٹری کے رجحانات پر تنقیدی تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ آج کے ڈراموں میں خلوص، سچائی اور جذبات کی بجائے ظاہری خوبصورتی اور دکھاوے کو زیادہ اہمیت دی جا رہی ہے۔ نجی ٹی وی کے ایک پروگرام میں گفتگو کے دوران توقیر ناصر نے کہا کہ ماضی کے فنکار اپنے کرداروں سے جذباتی طور پر جڑے ہوتے تھے اور ان کی اداکاری میں فطری انداز اور سچائی جھلکتی تھی، جبکہ آج کل کی اداکاری میں اصل جذبات کی بجائے میک اپ اور سرجری سے بنائے گئے خدوخال نمایاں ہو

ادا کارہ نیمل خاور خان کی ڈرامہ انڈسٹری میں واپسی کی تیاری

وہ ایک بڑے پراجیکٹ کے ساتھ دوبارہ اسکرین پر جلوہ گر ہونے جارہی ہیں



لاہور (شوبز ڈیسک) معروف اور باصلاحیت اداکارہ، مصورہ اور سوشل میڈیا اسٹار نیمل خاور خان جلد ہی پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری میں واپسی کررہی ہیں۔ اداکارہ نے شادی اور ماں بننے کے بعد شوبز سے بریک لے لیا تھا، تاہم اب وہ ایک بڑے پراجیکٹ کے ساتھ دوبارہ اسکرین پر جلوہ گر ہونے جارہی ہیں۔ نیمل خاور نے اپنی شاندار اداکاری کا مظاہرہ فلم اور ڈراموں میں کیا، جس میں ان کے فن کو خوب سراہا گیا، ان کے انسٹاگرام پر 36 لاکھ سے زائد فالوورز ہیں، جو ان کی واپسی کے شدت سے منتظر تھے۔ سوشل میڈیا پر گردش کرتی خبروں کے مطابق نیمل خاور اپنے شوہر حمزہ علی عباسی کے ساتھ نجی ٹی وی کے ایک ڈرامے میں جلوہ گر ہوں گی۔ کچھ رپورٹس کے مطابق حبا بخاری کو اس ڈرامے سے ریپلیس کیا گیا ہے، جس پر سوشل میڈیا پر ملا جلا ردعمل سامنے آیا ہے۔ نیمل اور حمزہ کی ایک ساتھ اسکرین پر واپسی کی خبر نے مداحوں کو پرجوش کردیا ہے، ایک صارف نے لکھا واہ! حمزہ اور نیمل ساتھ ایک خواب کی تعبیر ہے، ایک اور صارف نے حیرانی سے پوچھا کہ کیا یہ خبر واقعی سچ ہے؟ جبکہ کسی نے حیرت کا اظہار کیا کہ حبا بخاری کو ریپلیس کردیا گیا؟ حیرت کی بات ہے۔

اداکارہ ماہم عامر نے لڑکیوں کو شادی سے متعلق اہم مشورہ دیدیا

اگر کوئی ایسا شخص آپ کو ملے جو آپ کو عزت اور محبت دے تو آپ کو اس سے شادی کرلینی چاہیے، اداکارہ



کراچی (شوبز ڈیسک) معروف اداکارہ ماہم عامر خان کی جانب سے نوجوان لڑکیوں کو شادی سے متعلق اہم مشورہ دے دیا گیا۔ ایک پروگرام میں انٹرویو کے دوران اداکارہ ماہم خان نے شادی کے حوالے سے لڑکیوں کو مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ مجھے لگتا ہے شادی سے گھبرانا نہیں چاہیے، شادی ایک بہت خوبصورت رشتہ ہے اگر اسے ایک سلیقے سے چلایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری سوسائٹی کا ایک مسئلہ یہ ہے کہ ہم ہر چیز کو لے کر اپنے دماغ میں خیالات بنا لیتے ہیں کہ شادی کے بعد یہ ہوگا یا وہ ہوجائے گا، صرف شادی کی نہیں کسی بھی تعلق میں ہمیشہ ہر چیز ایک جیسی نہیں رہتی، زندگی میں اتار چڑھاؤ آتے ہیں جو آپ کے رشتے کو مضبوط بناتے ہیں۔ اداکارہ نے مزید کہا کہ مجھے لگتا ہے شادی ایک خوبصورت رشتہ ہے اور اگر کوئی ایسا شخص آپ کو ملے جو آپ کو عزت اور محبت دے تو آپ کو اس سے شادی کرلینی چاہیے۔

علیزے شاہ کا شادی شدہ مرد فنکاروں پر طنزیہ وار

انسٹاگرام پوسٹ میں شوبز انڈسٹری کے رازوں سے پردہ اٹھانے کی کوشش



کراچی (شوبز ڈیسک) اداکارہ علیزے شاہ اپنے دبنگ تبصریں شادی شدہ مرد اداکاروں کے دوہرے رویے پر تنقید کے تیر چلائے ہیں۔ نوجوانی میں فلم سپر اسٹار سے اپنے کیریئر کا آغاز کرنے والی علیزے شاہ نہ صرف اپنی اداکاری سے جانی جاتی ہیں بلکہ اپنے بیباک انداز اور کھل کر رائے دینے کی وجہ سے بھی اکثر خبروں کا حصہ بنتی ہیں۔ حالیہ دنوں میں علیزے کچھ زیادہ ہی بے لاگ ہوتی اور شوبز انڈسٹری کے پوشیدہ پہلوں سے پردہ اٹھاتی نظر آرہی ہیں۔ اپنی ایک انسٹاگرام اسٹوری میں علیزے شاہ نے لکھا، شادی شدہ مرد اداکاروں کی ایک بڑی تعداد شادی کی انگوٹھی کو صرف ایک فیشن ایسنسری سمجھتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ اس معاملے میں زیادہ نہیں بولنا چاہتیں کیونکہ یہ ان کا مسئلہ نہیں۔ تاہم ان کے اس بیان نے مداحوں اور انڈسٹری کے اندر ایک نئی بحث چھیڑ دی ہے۔ سوشل میڈیا صارفین کی رائے ملی جلی ہے۔ کچھ لوگ علیزے شاہ کے اس بیان کو سراہ رہے ہیں کہ انہوں نے دوہرے معیار رکھنے والے افراد کو بینقاب کیا، جبکہ کچھ کا ماننا ہے کہ ایسے معاملات کو عوامی پلیٹ فارم پر اٹھانا غیر ضروری تنازع کا سبب بنتا ہے۔ گرچہ علیزے شاہ نے اپنی پوسٹ میں کسی خاص اداکار کا نام نہیں لیا، لیکن ان کے بیان میں چھپا طنز یقیناً کچھ لوگوں کے لیے ناگوار گزر سکتا ہے۔ کئی لوگ یہ جاننے کے لیے بیتاب ہیں کہ آخر یہ زیادہ تر اداکار کون ہیں جن کی شادی کی انگوٹھی محض شوپیس بن چکی ہے۔

اسکارلیٹ جوہانسن بھی فوٹوگرافرز پر بھڑکنے والوں کی فہرست میں شامل

نیویارک (شوبز ڈیسک) ہالی ووڈ اداکارہ اسکارلیٹ جوہانسن پاپارازیوں بغیر اجازت تصاویر لینے والے فوٹوگرافرز پر غصہ ہوگئیں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق 40 سالہ اداکارہ کو نیویارک سٹی میں نئی فلم کی شوٹنگ کے دوران فوٹوگرافر پر چیختے ہوئے دیکھا گیا۔ اس حوالے سے اداکارہ کی تصاویر بھی سامنے آئی ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسکارلیٹ جوہانسن فلم پیپر ٹائیگر کے ایک سین کی شوٹنگ میں مصروف تھیں کہ اس دوران یہ واقعہ پیش آیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق اداکارہ نے چیخ کر کہا کہ راستے سے ہٹو میں کام کررہی ہوں۔ اسکارلیٹ جوہانسن کا کہنا تھا کہ میں سمجھ گئی ہوں کہ آپ کام کررہے ہیں لیکن مجھے اپنا کام کرنے دیں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق فلم پیپر ٹائیگر میں اسکارلیٹ جوہانسن مرکزی کردار میں نظر آئیں گی، اس فلم کی ریلیز کی حتمی تاریخ فی الحال سامنے نہیں آئی ہے۔

حمیرا کی موت سے خوفزدہ شوبز انڈسٹری نے بڑا قدم اٹھالیا

کراچی (شوبز ڈیسک) اداکارہ و ماڈل حمیرا اصغر کی تنہائی میں موت اور کئی ماہ بعد لاش کی برآمدگی نے ایسے بہت سے افراد کے دل میں خوف پیدا کردیا ہے جو اکیلے رہائش پذیر ہیں۔ کراچی جیسے گنجان آباد شہر کے بیچ ایک علیحدہ گھر نہیں بلکہ ایک اپارٹمنٹ کی بلڈنگ میں ایک عورت 9 ماہ سے مردہ حالت میں زمین پر پڑی رہی اور کسی کو کانوں کان خبر تک نہ ہوئی۔ حمیرا کی موت نے جہاں عزیزوں اور پڑوسیوں سے رابطے میں رہنے کی اہمیت کو اجاگر کیا ہے وہیں دوسروں کی خبر گیری کرنے کی روایت کو از سر نو زندہ رکھنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ اس انسانوں سے بھرے جنگل نما شہر میں بے شمار ایسے لوگ ہیں جو کام کے سلسلے میں دوسرے شہروں میں اپنا گھر بار چھوڑ کر یہاں آبسے ہیں اور اکیلے ہی اپنے گھروں میں رہتے ہیں۔ ان لوگوں میں ایک بڑی تعداد ان لوگوں کی بھی ہے جو میڈیا یا شوبز انڈسٹری سے تعلق رکھتے ہیں۔ چنانچہ حمیرا اصغر علی کے ساتھ پیش آئے اس سانحے کے بعد اب شوبز انڈسٹری نے ایک دوسرے کی خبر گیری کرنے کے لیے ایک قدم اٹھایا ہے۔

رابعہ بٹ کا تشویش میں مبتلا مداحوں کیلئے اہم پیغام

لاہور (شوبز ڈیسک) اداکارہ رابعہ بٹ کافی عرصے سے منظر عام سے غائب تھیں، ان انھوں نے تشویش میں مبتلا دوستوں اور مداحوں کیلئے پیغام شیئر کیا ہے۔ سوشل میڈیا پر شیئر کی گئی اپنی پوسٹ میں پاکستان شوبز انڈسٹری کی نوجوان اداکارہ رابعہ بٹ نے لکھا کہ جو لوگ میرے لیے تشویش میں مبتلا تھے یہ ان کیلئے ہے، آپ سب کا شکریہ کہ آپ نے مجھ سے رابطہ کیا۔ رابعہ بٹ نے لکھا کہ میں اپنے زندگی کے اس سفر سے گزر رہی ہوں جس پر میں ابھی بات نہیں کرسکتی، اگر میں نے وہ چیز پالی میں جس کی تلاش میں ہوں تو آپ سب کو ضرور مطلع کروں گی۔ انھوں نے لکھا کہ اگر میں اسے نہ حاصل کرسکی تو یہ بھی میں جان جاؤں گی لیکن دونوں صورتوں میں چیزیں پہلے جیسی نہیں رہیں گی۔ رابطہ بٹ نے اپنی پوسٹ کے آخر میں پڑھنے والوں سے دعاؤں کی درخواست کرتے ہوئے لکھا کہ آپ سب کو بہت پیار ہو سکے تو دعا۔

سیف پر قاتلانہ حملے کے بعد کرینہ پر بھی حملے کی کوشش

رونت رائے اپنی سیکیورٹی ایجنسی کے ذریعے سیف علی خان اور فیملی کی حفاظت کی ذمہ داری سنبھالے ہوئے ہیں



ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی وڈ اداکار سیف علی خان پر قاتلانہ حملے کے بعد ان کی اہلیہ کرینہ کپور کی گاڑی کو بھی نشانہ بنایا گیا، معروف اداکار اور سیکیورٹی ایکسپرٹ رونت رائے نے انکشاف کردیا ہے۔ رونت رائے، جنہوں نے مسٹر بجاج کے کردار سے شوبز میں شہرت حاصل کی، اپنی سیکیورٹی ایجنسی کے ذریعے سیف علی خان اور ان کے خاندان کی حفاظت کی ذمہ داری سنبھالے ہوئے ہیں۔ گزشتہ سال 15 سے 16 جنوری کی درمیانی شب ممبئی کے پوش علاقے باندرہ میں سیف علی خان کے 12 منزلہ اپارٹمنٹ پر ایک مشتبہ شخص نے چھریوں کے وار کرکے ان پر قاتلانہ حملہ کیا تھا، جس سے سیف شدید زخمی ہوئے۔ اس واقعے نے پورے ملک کو ہلا کر رکھ دیا تھا۔ رونت رائے نے بتایا کہ جب سیف علی خان کو اسپتال سے گھر لے جایا جارہا تھا تو راستے میں کرینہ کپور کی گاڑی پر ہلکا پھلکا حملہ ہوا، کیونکہ بھیڑ اور میڈیا کے باعث گاڑی کو دھکا لگا تھا۔ اس حملے سے کرینہ بہت خوفزدہ ہوگئیں اور انہوں نے خود سیف کو گھر لے جانے کی درخواست کی، جس پر رونیت رائے نے انہیں گھر پہنچایا۔ تب تک گھر کے باہر مکمل سیکیورٹی اور پولیس کی موجودگی یقینی بنائی جا چکی تھی۔ مزید برآں، رونت رائے نے بتایا کہ سیف علی خان کے گھر کی سیکیورٹی کا جائزہ لینے پر کئی خامیاں سامنے آئیں، جنہیں فوری طور پر درست کرنے کے لیے انہوں نے اہم تجاویز دی تھیں، جن پر عمل درآمد کیا گیا تاکہ خاندان کی

ہانیہ اور عاصم ساحلِ سمندر پر ساتھ؟ افیئر کا اشارہ پینڈنٹ دے گیا

ہانیہ سے بریک اپ کے بعد عاصم اظہر نے میرب علی سے منگنی کرلی لیکن اب وہ ٹوٹ چکی ہے



کراچی (شوبز ڈیسک) پاکستانی سپر اسٹار ہانیہ عامر اور گلوکار عاصم اظہر کے درمیان پھر سے بڑھتی قربتوں کا ایک اور اہم اشارہ مل گیا۔ ہانیہ عامر ان دنوں اپنے کریئر کے عروج پر ہیں اور کوئی چاہ کر بھی ان کی کامیابی کی راہ میں رکاوٹ نہیں بن پا رہا ہے۔ ہانیہ عامر یوں تو گزشتہ 9 سالوں سے انڈسٹری میں مستقل کام کرتی نظر آئیں لیکن 2021 میں پاکستانی ڈرامے میرے ہمسفر میں انکا گلوکار دادا کار فرحان سعید کے ساتھ اسکرین شیئر کرنا اور پھر 2024 میں ڈراما کبھی میں بھی تم نہیں پاکستان کی سب سے کامیاب اداکارہ بنا گیا۔ ہانیہ عامر کی مقبولیت کو دیکھ کر بھارتی پنجاب کے گلوکار دلجیت دوسانجھ نے انہیں اپنی فلم سردار جی 3 میں نہ صرف کاسٹ کیا بلکہ اپنے ملک کے خلاف جا کر فلم کو ریلیز بھی کروایا۔ جہاں ہانیہ عامر کی شوبز میں اونچی اڑان قابل دید ہے ویسے ہی انکی لو لائیف بھی سب کی نظروں میں آ چکی ہے۔ ہانیہ عامر پر یوں تو لاکھوں لوگ جان چھڑکتے ہیں لیکن یہ حسن پری ماضی میں صرف ایک ہی شخص کی محبت میں گرفتار ہوئی اور وہ کوئی اور نہیں بلکہ عاصم اظہر تھے۔ سال 2019 میں عاصم اظہر اور ہانیہ عامر ایک ساتھ تقاریب میں دکھنے لگے اور انسٹاگرام پر بھی ایک دوسرے کی پوسٹ پر کمنٹس کرتے نظر آئے۔

نیٹ فلکس کی سنسنی خیز زومبی تھرلر فلم ''زیام'' ریلیز

بنکاک (شوبز ڈیسک) نیٹ فلکس کی سنسنی خیز تھائی زومبی تھرلر فلم زیام کو ریلیز کردیا گیا ہے، جس میں مارشل آرٹس کی کہانی بیان کی گئی ہے۔ گزشتہ روز نیٹ فلکس پر ریلیز ہونے والی تھائی زومبی تھرلر فلم زیام میں ایک سابق موئے تھائی باکسر، سنگھ (مارک پرن سپارات) کی کہانی پیش کی گئی ہے۔ تھائی باکسر ایک زومبی سے بھرے اسپتال میں اپنی گرل فرینڈ (نیچا ثانچا) اور ایک چھوٹے لڑکے کو بچانے کے لیے لڑتا ہے، یہ فلم موئے تھائی کے ایکشن اور زومبی ہارر کی وجہ سے توجہ حاصل کررہی ہے۔ تھائی کلپ کا لجاریوک کی ہدایت کاری میں بننے والی اس فلم میں تھائی لینڈ کے پس منظر میں قحط اور معاشرتی انتشار کو دکھایا گیا ہے، جہاں زومبی وبا نے تباہی مچادی ہے۔ فلم کا نام زیام سیام (تھائی لینڈ کا پرانا نام) اور زومبی کا امتزاج ہے، جو اس کی کہانی کی عکاسی کرتا ہے، گزشتہ دنوں اس فلم کا ٹریلر جاری کیا گیا تھا جس میں سابق تھائی باکسر کی لڑائی کے مناظر بھی شامل تھے۔ ناظرین اس فلم کو دی ریڈ کی طرح سنسنی خیز قرار دے رہے ہیں

عمر شریف، ہالی وڈ میں لارنس آف عریبیہ کی دریافت

قاہرہ (شوبز ڈیسک) ہالی وڈ کی فلموں میں اپنی بے مثال اداکاری سے عالمی شہرت پانے والے عمر شریف کی موت پر کہا گیا کہ دریائے نیل کا ایک گوہرِ نایاب پانی میں اتر گیا۔ اپنی فن کارانہ صلاحیتوں سے کرداروں میں حقیقت کا رنگ بھر دینے والے عمر شریف نے مصری فلم انڈسٹری سے اپنے کیریئر کا آغاز کیا تھا۔ 10 جولائی 2015 کو اداکار عمر شریف دنیا سے رخصت ہوگئے تھے۔ مصر کے مشہور شہر اسکندریہ میں 10 اپریل 1932 کو عمر شریف نے ایک عیسائی گھرانے میں آنکھ کھولی۔ ان کے والدین کا تعلق شام اور لبنان سے تھا جو اسکندریہ میں آن بسے تھے۔ عمر شریف کی پرورش ایک کیتھولک مسیحی کے طور پر کی گئی۔ وہ اسکندریہ کے وکٹوریہ کالج سے فارغ التحصیل ہوئے۔ بعدازاں قاہرہ یونیورسٹی سے ریاضی اور طبیعیات کی ڈگری حاصل لی۔ اسی زمانے میں عمر شریف کو اداکاری کا شوق ہوگیا اور اسی شوق کو پورا کرنے کے لیے انھوں نے مصر کی فلم انڈسٹری کا رخ کیا۔ صراع فی الوادی بطور اداکار ان کی پہلی فلم تھی۔ اسی فلم میں عمر شریف کے مدِ مقابل ہیروئن کا کردار فاتن حمامہ نے ادا کیا تھا۔ اس اداکارہ سے فلمی پردے کے توسط سے بننے والا تعلق محبت میں تبدیل ہوگیا اور ان دونوں نے شادی کرلی۔

ادا کارالبیلا کی 21 ویں برسی 17 جولائی کو منائی جائے گی

ٹھٹھہ صادق آباد (شوبز ڈیسک) فلم، ٹی وی اور سٹیج کے نامور اداکار البیلا کی 21 ویں برسی 17 جولائی کو منائی جائے گی۔ اختر حسین المعروف حاجی البیلا دل کے دورے کی وجہ سے انتقال کر گئے تھے۔ اسٹیج، ٹیلی ویژن اور فلمی دنیا کے نامور مزاحیہ اداکار البیلا نے ستر کی دہائی میں اپنے فنی کیریئر کا آغاز کیا، البیلا اپنی مخصوص جسمانی حرکات و سکنات سے مزاح پیدا کرنے میں یکتا تھے، البیلا نے متعدد فلموں میں بھی اداکاری کے جوہر دکھائے جن میں بھریا میلہ، اجاناں پیارد ا، بدنام، عشق نچاوے گلی گلی اور باؤ جی قابل ذکر ہیں۔ حاجی البیلا نے سٹیج ڈراموں اور فلموں کے علاوہ ٹی وی ڈراموں میں بھی کام کیا۔ معرف

حرامانی اب غیر مہذب ہوگئی ہیں، اداکارہ نتاشا علی

پہلے حرا کے مارکس میرے نزدیک زیادہ تھے لیکن اب کم ہوگئے، میں ان کو 5 مارکس دوں گی



کراچی (شوبز ڈیسک) اداکارہ نتاشا علی حال ہی میں ایک نجی ٹی وی کے شو میں شریک ہوئیں جس دوران اداکارہ نے مختلف اور دلچسپ موضوعات پر گفتگو کی۔ پاکستانی اداکارہ نتاشا علی نے اداکارہ حرامانی غیر مہذب کہہ دیا۔ اداکارہ نتاشا علی حال ہی میں ایک نجی ٹی وی کے شو میں شریک ہوئیں جس دوران اداکارہ نے مختلف اور دلچسپ موضوعات پر گفتگو کی۔ میزبان کی جانب سے وجہ پوچھنے پر نتاشا علی نے بتایا کہ حرامانی پہلے زیادہ شائستہ (Decent) تھی، میں بھی پہلے انہیں بہت پسند کرتی تھی، اب وہ غیر مہذب ہوگئی ہیں اور کچھ ایسے کام کررہی ہیں جو فینز کو پسند نہیں آرہے۔ نے یہ بھی کہا ہانیہ کا دور چل رہا ہے۔ اس سیگمنٹ میں نتاشا نے اداکاری میں ماہرہ خان کو 9، اقرا عزیز کو 7، عائزہ خان کو 8، مہوش حیات کو 7، حریم فاروق کو 6 عائشہ عمر کو 6 اور ثروت گیلانی کو 5 نمبر دیے۔ حرامانی کے نام پر اداکارہ نتاشا نے کہا کہ پہلے حرا کے مارکس میرے نزدیک زیادہ تھے لیکن اب کم ہوگئے ہیں، حرا کی اداکاری کیلئے میں ان کو 5 مارکس دوں گی۔ میزبان کی جانب سے وجہ پوچھنے پر نتاشا علی نے بتایا کہ حرامانی پہلے زیادہ شائستہ (Decent) تھی، میں بھی پہلے انہیں بہت پسند کرتی تھی، اب وہ غیر مہذب ہوگئی ہیں اور کچھ ایسے کام کررہی ہیں جو فینز کو پسند نہیں آرہے۔

سینئر اداکارہ افشاں قریشی کا اپنی لو میرج پر انکشاف

عابد قریشی کے ساتھ فلم کے سیٹ پر دوستی کے بعد ان کی شادی ہوئی، افشاں قریشی



لاہور (شوبز ڈیسک) پاکستان کی معروف اور باصلاحیت اداکارہ اور سپر اسٹار فیصل قریشی کی والدہ افشاں قریشی نے حال ہی میں نجی ٹی وی کے مارننگ شو میں اپنی زندگی کے اہم اور جذباتی پہلو سے پردہ اٹھایا۔ اداکارہ نے اپنے مرحوم شوہر عابد قریشی کے ساتھ ہونے والی لو میرج کے حوال

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

امت مسلمہ متحد ہو کر عالم کفر اور فتنہ قادیانیت کے خلاف جدوجہد تیز کریں: ڈاکٹر خادم حسین خورشد

آج محبت رسول ہم سے تقاضا کرتی ہے کہ ہم تحفظ ناموس رسالت کی پاسبانی اور نگہبانی کے لئے اپنی زندگیاں وقف کر دیں



فیصل آباد(ملک بشیر احمد) دارالعلوم نوریہ رضویہ گلبرگ اے میں منہاج القرآن علما کونسل و تنظیم الاخوۃ کے زیر اہتمام رد قادیانیت کورس کے دوسرے روز شرکا سے خطاب کرتے ہوئے پروفیسر محمد الیاس عظمی نے کہا کہ حضورؐ نے فرمایا کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا اگر میرے بعد کوئی شخص نبی نہ ہو سکا تو مرزا قادیانی ہوتا اگر حضرت عمر جیسا شخص نبی نہ ہو سکا تو مرزا قادیانی کس طرح نبی ہو کورس سے بدیع الزمان ایڈووکیٹ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حضور کے امتیو ! آج محبت رسولؐ ہم سے تقاضا کرتی ہے کہ ہم تحفظ ناموس رسالتؐ کی پاسبانی اور نگہبانی کے لئے اپنی زندگیاں وقف کر دیں ڈاکٹر خادم حسین خورشد نے کہا ہے کہ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ امت مسلمہ متحد ہو کر عالم کفر اور فتنہ قادیانیت کے خلاف جدوجہد تیز کریں اور قرآن کے نظام کو مکمل طور پر لاگو کر کے عقیدۂ ختم نبوت ﷺ کا تحفظ کیا جائے تا کہ حشر کے میدان میں آقائے دوعالم ﷺ کے سامنے سرخرو ہو سکیں اور شفاعت محمدی ﷺ کے مستحق بنیں اس موقع پر پیر فرخ شاہ صابری ، ڈاکٹر مفتی عبدالقوی، حاجی محمد امین القادری، مفتی عبدالشکور رضوی، سید شفاعت رسول شاہ، سید حمایت رسول ،سید سعادت رسول، حافظ رب نواز انجم میاں کاشف محمود، خالد محمود ندھاوا، علامہ سعید کاوش، سید غلام محمد شاہ، قاری غلام فرید سیالوی، علامہ جعفر قمر سید حسن شاہ، علامہ اختر حسین اسد کے علاوہ ضلع بھر سے جید علما کرام اور عوام الناس کی کثیر تعداد موجود تھی، آج 21 جولائی بروز پیر علامہ مفتی شوکت علی سیالوی، علامہ خان محمد قادری، علامہ غلام دستگیر فاروقی، لیکچر دیں گے۔

لاہور میں ہونے والی سالانہ ختم نبوت کانفرنس تاریخی ہوگی: سیدز ہیر شاہ ھمدانی

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) لاہور میں ہونے والی سالانہ ختم نبوت کانفرنس تاریخی ہو گی. قائد قصور سید زہیر شاہ ھمدانی. جمعیۃ علما اسلام کے تمام کارکنان ختم نبوت کی خاطر ہر طرح کی قربانی دینے سے گریز نہیں کریں گے. قاری عثمان کامران. آج بروز اتوار جامع مسجد خاتم النبیین و جامعہ فاروقیہ محلہ اسلام پورہ رحمن سٹی کھڈیاں خاص میں ایک پروگرام منعقد ہوا جس میں مرکزی رہنما عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت حضرت مولانا عزیز الرحمن ثانی پیر رضوان نفیس حافظ اشرف گجر قاری مشتاق احمد رحیمی حضرت مولانا سید زھیر شاہ ہمدانی امیر جمعیۃ علماء اسلام ضلع قصور قاری عثمان کامران اور ضلع قصور کی تمام تحاصیل کے امراء اور نظماء نے شرکت کی تمام مہمانان گرامی نے لاھور میں ہونے والی سالانہ کانفرنس میں بھرپور شرکت کے لئے دعوت دی اور اب تک ہونے والی کاوشوں کا جائزہ لیا اور خدمات کو سراہا. اور خطاب کرتے ہوئے شرکاء نے کہا ختم نبوت کا تحفظ اپنی زندگی کا مقصد ھے. اسکے لئے کسی بھی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا. قاری محمد ہاشم منیر مولانا افضل قصوری مولانا سیف الرحمن اور اہلیان کھڈیاں نے آنے والے مہمانوں کا بھرپور استقبال کیا

پیر سید محی الدین محبوب حنفی قادری کاظمی ماتریدی سجادہ نشین خانقاہ محبوب آباد شریف حویلیاں سید الشہداء کانفرنس میں مہمان خصوصی شرکت

اٹک (بیورو رپورٹ) اٹک مانسر میں درگاہ سید شاہ قبول اولیاء رحمہ اللہ پر مرشد کریم نقیب الاشراف مفکر اسلام ابوزین پیر سید محی الدین محبوب حنفی قادری کاظمی ماتریدی سجادہ نشین خانقاہ محبوب آباد شریف حویلیاں سید الشہداء کانفرنس میں بطور مہمان خصوصی شریک ہوئے آپ کا خصوصی خطاب تھا آپ نے اپنے خطاب میں درجات کی بلندی کے اسلامی تصور اور اس کی شرائط پر گفتگو فرمائی ابتدائی دور میں حلقہ بگوش اسلام ہونے والے افراد کا مقام دوسروں سے بلند ہے کیوں انہوں نے مشکلات دقتوں اور سخت آزمائشوں میں اسلام کو قبول کیا اس کے تکلیفیں جیلیں جانی نذرانے دیئے مال خرچ کیا اور استقامت اختیار کی .انہی کو سبقت ہے انہی کو دوسروں کے مقابلے میں زیادہ قرب الٰہی ہے .حضرات اہلبیت رسالت کو دو طرح سے سبقت حاصل ہے ایک گھر کی نسبت سے سبقت اور دوسری محبت اور معیت کی سبقت .امام عالی مقام کا نسب بھی اللہ کے رسول سے جڑا ہے اور صحبت و تربیت کے مراحل بھی اللہ کے رسول سے جڑے ہیں .شہادت امام حسین کی اطلاعات ولادت کے ساتھ ہی آئیں وہ اپنی شہادت سے آگاہ تھے اس کے لئے مکمل تیار تھے فضائل شہادت کے باب میں اتنا کہنا کافی نہیں مگر یہ پہلو کلام طے کرتا ہے سیدنا امام حسین علیہ السلام کا شہادت کے لئے نکل پڑنا سمجھا جاتا ہے کہ آپ کے نزدیک اس دور میں خاموش رہنا ناممکن تھا جسے آپ نے قیام کر کے مضبوط کیا کہ قرآن اور سنت سے ذہنی عملی طور پر معارض قوتوں کے ساتھ تصفیہ نہیں کیا سکتا .سورہ نور سے بھی قیادت کے لئے ایمان اور عمل صالح کی صلاحیت سمجھائی گئی فاسق فاجر تو عزت کے لائق نہیں چہ جائیکہ کہ قیادت کر کے بنائے دین اسلام پر تشنہ رکھے امام حسین علیہ السلام نے یزید کی جب بیعت نہیں کی تو یہ اعلان فیصلہ تھا کہ وہ قابل اتباع و بیعت نہیں .امام اعظم ابو حنیفہ کی بابت یہ تہمت اور جھوٹ لکھا اور بیان کیا جا رہا ہے کہ آپ نے یزید کے معاملہ میں خاموشی اختیار کی یہ اتہام و الزام فاحش ہے .جس امام نے محبت اہلبیت رسالت میں قید برداشت کی جو امام قید میں محبت اہلبیت رسالت پر زہر دے کر شہید کئے گئے ان کو الزام دینا کہ انہوں نے یزید پلید پر خاموشی اختیار کی تو یہ تو بہ جنہوں نے امام حسین علیہ السلام کے پوتے امام زید بن زین العابدین علیہما السلام کے حق میں فتوی دیا کہ ان کا حکومت وقت کے خلاف برسر پیکار ہو کر نکلنا اسی طرح ہے جیسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا کفار مکہ کے خلاف بدر میں نکلنا تو اسی سے قیاس کر کے سمجھ لیجئے کہ یزید کے بارے میں ان کا نظریہ کتنا صریح کھلا اور اسی پیرائے حق میں تھا .جو رد بر رسول کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم بیٹھ کر تربیت پاتے رہے ان کا درجہ وشان بلند ہے تو جے حضور معلم و مقصود کائنات صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اپنے کندھوں پر اٹھایا اس کا مقام و مرتبہ کتنے بلند آسمان کے اوج پر چمک رہا ہے .اہلبیت رسالت سے محبت ایمان کی جان ہے .ان کا ذکر فلسفی ذہنی لگاؤ کی پاکیزہ دلیل ہے .سجادہ نشین حضرت شاہ قبول اولیاء پیر سید مجاہد بن سید گیلانی نے صدارت کی .اس موقعہ پر پیر انیس غفوری پیر صاحب دریا شریف اور دیگر مقامی علماء و مشائخ اور سلسلہ طریقت سے منسلک بڑی تعداد میں عوام بھی شریک ہوئے۔

ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی اور کالج آف فتھلمالوجی اینڈ الائیڈ ویژن سائنسز کے اشتراک سے صحت کی سہولیات اور ہسپتال کو محفوظ بنانے اور افراد باہم معذوری کی شمولیت پر ورک شاپ منعقد کی گئی



سرگودھا (عبدالمنان چودری سے) ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی اور کالج آف فتھلمالوجی اینڈ الائیڈ ویژن سائنسز کے اشتراک سے صحت کی سہولیات اور ہسپتال کو محفوظ بنانے اور افراد باہم معذوری کی شمولیت پر ورک شاپ منعقد کی گئی۔ جس کا مقصد مریض اور صحت کے عملے کیلئے حفاظتی اقدامات کا تعین کر کے ایک محفوظ معاشرے کی تشکیل میں صحت کے عملے کے کردار کو اجاگر کرنا تھا۔ افراد باہم معذوری کی شمولیت کی اہمیت اور ان کو صحت سہولیات کی فراہمی کیلئے رکاوٹوں کو دور کرنے کے طریقہ کار پر بھی شرکا نے کام کیا۔ پروگرام میں خواتین، مرد، افراد باہم معذوری اور خواجہ سرا کو معیاری صحت سہولیات کی دستیابی کی منصوبہ بندی پر بھی گفتگو کی گئی۔ ڈاکٹر عائشہ، پروگرام ڈائریکٹر، ڈی ایچ اے، سرگودھا نے ورکشاپ کے موضوعات پر مقامی پہلوؤں پر بات کی۔ ورک شاپ میں سارا اکرام فوکل پرسن پاکستان انکلوسو ائی ہیلتھ پراجیکٹ میو ہاسپٹل لاہور، ڈاکٹر عائشہ پروگرام ڈائریکٹر ڈی ایچ ڈی سی سرگودھا، ڈاکٹر سارہ صفدری ای او ہیلتھ سرگودھا، ڈاکٹر رضوان ناصر ہیڈ آف آئی ڈیپارٹمنٹ ڈی ایچ کیو سرگودھا، عزیز الرحمن پروگرام افیسر، زاہد محمود پراجیکٹ افیسر اور آئی ڈیپارٹمنٹ ٹی ایچ کیو ساہیوال، آئی ڈیپارٹمنٹ ٹی ایچ کیو بھلوال اور تمام سٹاف آئی ڈیپارٹمنٹ ڈی ایچ کیو سرگودھا نے بھی شمولیت کی اس موقع پر شرکاء کا کہنا تھا کہ اس قسم کی ورکشاپس کا انعقاد خوش آئند ہے۔

سماجی کارکن شبیر مغل اپنی مدد آپ کے تحت عوامی خدمت گار



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ایکسپورٹ سٹی سیالکوٹ کے امراء و رؤساء کیجانب سے فلاحی کام کرنا کو عام فہم بارہے مگر سیالکوٹ کے متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والی انسان دوست شخصیت شبیر مغل نے واقعی میں اپنے کار خیر اور عام پریشان مخلوق کیلئے شب و روز اپنی جیب سے ہمیشہ فوری اقدامات کرتے ہوئے وہ کارہائے نمایاں انجام دیئے ہیں کہ بطور پروفیشنل جرنلسٹ میرے 20 سالہ دور صحافت میں اس سے قبل دیکھنے میں نہیں آئے ۔ یہ مرد قلندر سرکاری سکولوں میں بچوں کی کتابیں یونیفارم تو کبھی بیوہ و بے روزگار بزرگوں کو بکی ٹافی بسکٹ وغیرہ خرید کر دیتا انہیں اشیائے کریانہ سے چھوٹا کاروبار شروع کراتا تو کہیں آہنی موٹر سائیکل پر دن رات گٹروں پر ڈھکن لگاتے دیکھا جاتا ہے اور کہیں راستے میں رکاوٹ کا باعث کھڈے ریت سیمنٹ بجری کیساتھ خود بھر تا دھائی دیتا ہے۔ ایسے لوگ یقیناً اللہ کے مقرب ہوا کرتے ہیں۔

کنویں میں ٹیوب ویل چلانے کے لیے اترنے والے دو افراد دم گھٹنے سے جاں بحق ہو گئے

فیروز والہ (نامہ نگار منور حسین) شیخوپورہ کوٹ پنڈی داس میں افسوسناک واقعہ کنویں میں ٹیوب ویل چلانے کے لیے اترنے والے دو افراد دم گھٹنے سے جاں بحق ہو گئے ۔۔۔ ریسکیو 1122 کی ٹیم نے دونوں افراد کی ڈیڈ باڈیز نکال کر ورثاء کے حوالے کر دی

کھیکی، جلالپور بھٹیاں روڈ پر سیم نالہ کا پل مرمت کر دیا گیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ایکسین ہائی ویز حافظ آباد کا کہنا ہے کہ کھیکی، جلالپور بھٹیاں روڈ پر سیم نالہ کا پل گرا نہیں بلکہ اس اسکی ایک اپروچ سلیب پانی کے تیز بہاو کی وجہ سے منہدم ہو گئی تھی جیسے ترجیحی بنیادوں اور ہیوی مشینری کے ساتھ بروقت مرمت کر کے ٹریفک کے لیے بحال کر دیا گیا۔ سیم نالہ کے پل گرنے کی خبروں میں کوئی صداقت نہیں اور نہ ہی اس میں کسی قسم کی کوئی محکمانہ غفلت ہے۔ انکا مزید کہنا تھا کہ مذکورہ سیم نالہ کا پل گذشتہ سال نہیں بلکہ 2004 میں تعمیر ہوا تھا۔ سیم میں پانی کے تیز بہاو کے باعث اس کی ایک اپروچ سلیب پانی کے شاٹ کا شکار ہوئی۔

بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ 100 مستحق خاندانوں میں ایک ایک ماہ کا راشن تقسیم کیا گیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) الخدمت فاؤنڈیشن حافظ آباد کے زیر اہتمام اور سماجی کارکن ثوبان بن رئیس کے خصوصی تعاون سے حالیہ بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ 100 مستحق خاندانوں میں ایک ایک ماہ کا راشن تقسیم کیا گیا۔ جناح ہال/ ڈسٹرکٹ پریس کلب کے لان میں منعقدہ تقریب میں جماعت اسلامی الخدمت فاؤنڈیشن اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے الخدمت فاؤنڈیشن حافظ آباد کے صدر اظہر قیوم چیمہ نے کہا کہ الخدمت فاؤنڈیشن گزشتہ کئی ہر گھڑی میں متاثرہ اور ضرورت مند طبقات کے شانہ بشانہ کھڑی رہی ہے اور آئندہ بھی دکھی انسانیت کی خدمت کا سفر جاری رکھے گی۔ انہوں نے مخیر حضرات کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اپیل کی کہ وہ الخدمت کے جاری فلاحی منصوبوں میں دل کھول کر تعاون جاری رکھیں۔ تقریب کے مہمان خصوصی امیر جماعت اسلامی حافظ آباد ملک شوکت علی کھلوان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ ہوشربا مہنگائی اور معاشی بحران غلط حکومتی پالیسیوں کا نتیجہ ہے جس کا خمیازہ عام شہری بھگت رہے ہیں۔

عارفوالا میاں راحت مسعود جوئیہ کو انجمن پٹواریان کا صدر اور رانا دانش تنویر کو جنرل سیکرٹری منتخب ہونے پر مبارکباد



عارف والا (نمائندہ خصوصی) عارفوالا میاں راحت مسعود جوئیہ کو انجمن پٹواریان کا صدر اور رانا دانش تنویر کو جنرل سیکرٹری منتخب ہونے پر رانا ذیشان اسلم سینئر ممبر یونین آف جرنلسٹ رجسٹرڈ عارفوالا اور حاجی مختیار چوہدری وقار خالد میاں کنور فرحان ملک سجاد ایڈووکیٹ نے مالا پہنائی اور پھولوں کا گلدستہ پیش کیا ۔عارف والا/انجمن پٹواریاں عارفوالا نے میاں راحت مسعود جوئیہ کو صدر اور رانا دانش تنویر کو متفقہ طور پر جنرل سیکرٹری منتخب کرلیا گیا جس پر سینئر ممبر یونین آف جرنلسٹ رجسٹرڈ عارف والا رانا ذیشان اسلم اور حاجی مختیار چوہدری وقار خالد میاں کنور فرحان ملک سجاد ایڈووکیٹ علاقہ کی جانب سے مبارک باد پیش کی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

ننگل ساہداں وفاقی وزیر رانا تنویر حسین اور رانا حسیب عامر کا اظہار تعزیت



مریدکے (تحصیل رپورٹر) ننگل ساہداں وفاقی وزیر رانا تنویر حسین اور رانا حسیب عامر کا اظہار تعزیت وفاقی وزیر جناب رانا تنویر حسین اور چیف کوآرڈینیٹر این اے 113 رانا حسیب عامر نے ننگل ساہداں میں معروف صحافی شیخ شاہد حسن بیٹی کے انتقال پر ان کے گھر جا کر فاتحہ خوانی کی اور دعائے مغفرت کی۔ اس موقع پر انہوں نے غمزدہ خاندان سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کے بلند درجات اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعائی۔ رہنماؤں نے کہا کہ وہ اس دکھ کی گھڑی میں خاندان کے ساتھ ہیں اور ہر ممکن تعاون فراہم کریں گے۔ وفاقی وزیر نے اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے کہا پاکستان اقتصادی معاشی اور سیاسی طور پر مستحکم ہو چکا دنیا اب پاکستان میں سرمایہ کاری لیکر آرہی ہے تاریخ گواہ ہے پاکستان نے مسلم لیگ کے دور میں جتنی ترقی خوشحالی آئی کسی دور میں نہیں آئی مگر جب بھی ترقی خوشحالی کا سلسل شروع ہوتا ہے سازشیں شروع ہو جاتی ہیں جیسے اب بھی پی ٹی آئی عمران خان کی باقیات اور ملک دشمن قوتیں سرگرم ہیں عمران خان کی سیاست پاکستان سے دشمنی ہے جبکہ ٹارگٹ عوام ادارے اور پاکستان رہا ہے عوام ان قوتوں کو پہچان چکی اور مسترد کر چکی عمران خان نے جتنا نقصان پاکستان کو پہنچایا کسی دشمن نے بھی نہیں پہنچایا اب کہا جا رہا ہے اس کے پیچھے تحریک چلانے پاکستان آرہے ہیں شوق پورا کر لیں اپنی تحریک کا حشر پہلے تحریکوں جیسا ہوگا عوام عمران خان اسکے ساتھیوں کی لوٹ مار کے نتیجہ میں مہنگائی بے روزگاری کی چکی میں پس رہی ہے انہوں نے کہا عمران خان کے ایک وزیر کی وجہ سے قومی ایئر لائین کو جتنا نقصان پہنچا تاریخ میں اتنا نقصان نہ ہوا اللہ کا شکر ہے پی آئی اے کیلئے اب انگلینڈ سمیت کئی ممالک کے دروازے کھل گئے ہیں حکومت عوام کو ہر ممکن ریلیف دینا چاہتی ہے مگر آئی ایم ایف کی کئی شرائط آڑے آرہی ہیں جو کہ مجبوری ہے پیٹرول کی قیمتیں عالمی سطح پر بڑھی ہیں اس وجہ سے قیمتیں بڑھانا پڑھیں عالمی طور پر تیل کی قیمتیں کم ہوں تو حکومت بھی تیل کی قیمتیں کم کر دیتی ہے انہوں نے کہا چینی کا کوئی بحران نہیں چینی حکومت کے مقرر کردہ نرخوں پر ہی فروخت ہو رہی ہے جبکہ ٹیکس کے معاملہ پر حکومت تاجر صنعت طبقہ کیساتھ مخلص اور رابطہ میں ہے جو جائز مطالبات ہیں حکومت پورا کرے گی دہشت گردی پر بات کرتے انکا کہنا تھا بلوچستان غیر پشتونخواہ اور دیگر علاقوں میں بھارت ملوث ہے بھارت پاکستان میں دہشت کاروائیوں کے ذریعے اپنے مقاصد پورے نہیں کر سکتا اسے اسی طرح شکست ہوگی جس طرح بنیان المرصوص میں ہوئی

موسمیاتی تبدیلیوں سے بچاؤ کیلئے شجر کاری کیجئے۔ اکمل شہزاد بٹ

درخت زندگی ہیں درخت قیمتی سرمایہ ہیں۔ لیگل ایڈوائزر تحصیل میونسپل کونسل



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) 13 جولائی سے ساون کا مہینہ شروع ہو رہا ہے۔ بزرگوں کا کہنا ہے کہ ساون انتاز رخیز ہوتا ہے کہ اگر سوکھی لکڑی بھی زمین میں گاڑ دی جائے تو وہ سبز ہو جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ مہینہ پودے اور درخت لگانے کے لیے سب سے موزوں وقت سمجھا جاتا ہے۔ آیئے اس موقع سے فائدہ اٹھائیں اور درخت لگانے کی تیاری کریں تا کہ بڑھتے ہوئے درجہ حرارت پر قابو پایا جا سکے اور ماحول کو بہتر بنایا جا سکے۔ ان باتوں کا اظہار ڈسٹرکٹ بار سیالکوٹ کے معروف لاء آفیسر اکمل شہزاد بٹ لیگل ایڈوائزر تحصیل میونسپل کونسل سیالکوٹ نے میڈیا ٹاک میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں کے شکار ممالک میں شامل ہے۔ درختوں میں نیم ایک خاص درخت ہے جو 55 ڈگری تک گرمی اور 10 ڈگری تک سردی برداشت کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ ایک 12 فٹ اونچا درخت اتنی ٹھنڈک پیدا کرتا ہے جتنے تین ایئر کنڈیشنر مل کر کرتے ہیں۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ نیم کا درخت رات کے وقت بھی آکسیجن خارج کرتا ہے۔ درخت زندگی ہیں درخت قیمتی سرمایہ ہیں۔

ٹریفک کے مختلف حادثات میں سات خواتین سمیت 25 افراد زخمی ہو گئے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ٹریفک کے مختلف حادثات میں سات خواتین سمیت 25 افراد زخمی ہو گئے تفصیلات کے مطابق ضلع بھر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب ایمرجنسی سروس نے 22 روڈ ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کرتے ہوئے 25 زخمی افراد کو ریسکیو کیا۔ زخمی مردوں کی تعداد 18 جبکہ خواتین کی تعداد 7 ہے۔ ان 25 زخمی افراد میں سے 7 افراد شدید جبکہ 18 افراد معمولی زخمی ہوئے۔ ریسکیو اہل کاروں نے زخمی افراد کو طبی امداد دینے کے بعد ہسپتال منتقل کر دیا

چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں شہری لاکھوں کی نقدی، موبائل فونز اور موٹر سائیکلوں سے محروم ہو گئے

مصطفی آباد للیانی (نامہ نگار) چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں شہری لاکھوں کی نقدی، موبائل فونز اور موٹر سائیکلوں سے محروم ہو گئے، ڈاکوؤں نے سرہالی کلاں کے رہائشی حنان سے 55 ہزار نقدی اور موبائل فون، واڑہ دلیپ سنگھ والہ کے رہائشی ساحل سے 43 ہزار نقدی، موبائل فون، حاجی گگا کے رہائشی بشیر سے 13 ہزار نقدی، موبائل فون، رائے کلاں کے رہائشی قاسم سے 11 ہزار نقدی اور موبائل فون چھین لیا، علاوہ ازیں چوروں نے مختلف مقامات سے مشاء، جمیل، رمضان، وارث، عبدالمجید اور تنویر کی موٹر سائیکلیں چوری کر لیں، پولیس نے مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔

بجلی کا کرنٹ لگنے سے 22 سالہ نشئی نوجوان جانبحق ہو گیا

مصطفی آباد للیانی (نامہ نگار) بجلی کا کرنٹ لگنے سے 22 سالہ نشئی نوجوان جانبحق ہو گیا، گزشتہ رات مسجد اڈے والی کے قریب بجلی کی تار گرنے کی وجہ سے دوکان کے شٹر میں کرنٹ آگیا، جس کو ہاتھ لگنے کے باعث محلہ بابا اسماعیل والہ کا رہائشی اور نشہ کے عادی نوجوان ریمش کو بجلی کا شدید جھٹکا لگا بے نقاب ہو سکتا ہے، اور جلد ہی ملزم کے ساتھیوں کو بھی قانون کی گرفت میں لایا جائے گا۔ شہری حلقوں نے پولیس کی بروقت کارروائی کو سراہا ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف ایسی کاروائیاں مستقبل میں بھی جاری رہیں گی۔

میٹروپول چوک میں چائے خانے کی آڑ میں مبینہ جوئے کا اڈہ، نوجوان

نسل جوئے کی لت کا شکار، سیاسی و سماجی حلقوں کا نوٹس کا مطالبہ

فیصل آباد (اشرف خان) تھانہ گلبرگ کی حدود میں واقع میٹروپول چوک پر ایک چائے کی دوکان، جو فاروق نامی شخص کی ملکیت بتائی جاتی ہے، مبینہ طور پر جوئے کے اڈے میں تبدیل ہو چکی ہے۔ ذرائع کے مطابق اس دوکان کے پچھلے حصے میں خفیہ طور پر جوئے کی محفلیں منعقد ہوتی ہیں، جن میں روزانہ بڑی تعداد میں مخصوص افراد شریک ہوتے ہیں۔ اطلاعات ہیں کہ وہاں مختلف قسم کے "نمبر" اور دیگر خفیہ سٹمز کے ذریعے جوئے کا سلسلہ جاری ہے، جس نے نوجوان نسل کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے۔ علاقے کے مکینوں کا کہنا ہے کہ جوئے کی لت میں مبتلا نوجوان بعد ازاں چوری، دھوکہ دہی اور دیگر جرائم میں بھی ملوث ہو رہے ہیں، جس سے علاقے کا امن متاثر ہو رہا ہے۔ سیاسی و سماجی حلقوں نے اس صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے سی پی او فیصل آباد سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری کارروائی کی جائے اور ایسے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے تا کہ شہر کی ساکھ اور نوجوان نسل کو تباہی سے بچایا جا سکے۔ ادھر یہ بھی اطلاعات ہیں کہ مذکورہ اڈے کو بااثر افراد کی پشت پناہی حاصل ہے، جس کے باعث پولیس کی خاموشی عوام کے لیے باعث تشویش بنتی جا رہی ہے۔

شیخوپورہ: سی سی ڈی فیروز والہ شاہد رفیق کی بروقت کامیاب کارروائی

گزشتہ روز برج اٹاری پیٹرول پمپ شاپ پر دوران واردات قتل کرنے والا ملزم مرتضیٰ اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک





فیروز والہ (نامہ نگار منور حسین) شیخوپورہ: سی سی ڈی فیروز والہ شاہد رفیق کی بروقت کامیاب کارروائی، گزشتہ روز برج اٹاری پیٹرول پمپ شاپ پر دوران واردات قتل کرنے والا ملزم مرتضیٰ اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہو گیا۔ سی سی ڈی فیروز والہ کے ترجمان کے مطابق ایس ایچ او تھانہ بند روڈ انسپکٹر محمد ارشد نے ایک بڑی کارروائی کے دوران خطرناک ملزم کو گرفتار کیا، جو دوران تفتیش اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے مارا گیا۔ تفصیلات کے مطابق دو روز قبل برج اٹاری کے علاقے میں واقع ایک پیٹرول پمپ شاپ پر ڈکیتی کی واردات کے دوران ملزمان نے مزاحمت پر دو کانداروں کو گولیاں مار کر قتل کر دیا تھا۔ واقعہ کے فوری بعد انچارج سی سی ڈی فیروز والہ شاہد رفیق نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے واردات میں ملوث مرکزی ملزم مرتضیٰ کو گرفتار کر لیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق گرفتاری کے بعد ملزم سے تفتیش جاری تھی، اور اس کی نشاندہی پر پولیس پارٹی اسے واردات میں استعمال ہونے والا اسلحہ اور دیگر سامان برآمد کرنے کے لیے لے جا رہی تھی۔ اسی دوران راستے میں موٹر سائیکل سوار نامعلوم افراد نے پولیس پارٹی پر اچانک فائرنگ کر دی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ حملہ آور دراصل مرتضیٰ کے اپنے ساتھی تھے، جو اسے چھڑانے کی کوشش میں ناکام ہو گئے، اور انہی کی فائرنگ سے ملزم مرتضیٰ موقع پر ہی ہلاک ہو گیا۔ پولیس نے فوری طور پر علاقے کا محاصرہ کر کے حملہ آوروں کی تلاش شروع کر دی، تاہم وہ اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ پولیس کی تفتیشی ٹیم نے جائے وقوعہ سے گولیوں کے خول، موٹر سائیکل کے نشانات اور دیگر شواہد اکٹھے کر لیے ہیں، جن کی مدد سے حملہ آوروں تک پہنچنے کی کوشش جاری ہے۔ انچارج سی سی ڈی شاہد رفیق کے مطابق ملزم مرتضیٰ نہایت خطرناک اور پیشہ ور مجرم تھا، جس کے خلاف قتل، اقدام قتل، ڈکیتی، اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے جیسے سنگین نوعیت کے متعدد مقدمات درج تھے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ اس کارروائی سے ایک بڑا مجرمانہ نیٹ ورک بے نقاب ہو سکتا ہے، اور جلد ہی ملزم کے ساتھیوں کو بھی قانون کی گرفت میں لایا جائے گا۔ شہری حلقوں نے پولیس کی بروقت کارروائی کو سراہا ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف ایسی کاروائیاں مستقبل میں بھی جاری رہیں گی۔

سی سی ڈی پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان مبینہ پولیس مقابلہ ہوا

مقابلہ کے دوران مزاحمت پر ڈاکوؤں نے پولیس پارٹی پر اندھا دھند فائرنگ کر دی

گوجرانولہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) تحصیل کامونکی ضلع گوجرانولہ کے علاقے منڈیالا تگہ تھانہ فیروز والہ میں درندگی عروج پر ایک نادرماں کی گود اجڑ گئی عصر کی نماز پڑھنے گئے ہوئے شیان ولد عمر ولد کمبو گو بھی پینٹ والے کی لاش آج چار دن بعد انہی کے گھر کے سامنے کی حویلی سے برآمد تفصیلات کے مطابق محمد عمر کمبو کا بیٹا شیان جس کی عمر تقریبا نو سال ہے گھر سے عصر کی نماز کے لیے مسجد گیا اور کبھی گھر واپس نہ آسکا بچے کو نماز پڑھ کے بعد گھر واپس آتے ہوئے راستے میں سے دکان سے چیز لیتے ہوئے محلے کے لڑکے بہلا پھسلا کر اپنے ساتھ اپنے ساتھ اغوا برائے تاوان کے نظریہ سے لے گئے چار دن مسلسل تلاش کرنے کے بعد آخر 18 جولائی مغرب کی نماز کے بعد بچے کی لاش اسی کے گھر کے سامنے کی حویلی سے برآمد ہوئی بچے کو گلے میں رسی سے پھانسی دے کر قتل کر دیا گیا اور پھر زمین میں گڑھا کھود کر اس میں دفن کر دیا شک ہونے پر مرکزی ملزم گرفتار کر کے تفتیش کی گئی تو اس نے بتایا کہ کیسے بچے کو اپنے ساتھ لے کر گئے اور کیسے مار کے اس کو کہاں پہ دفن کیا نشاندہی کرنے پر بچے کی لاش برامد کی گئی جسے بے دردی کے ساتھ گلے میں رسی کے ساتھ گلا گھونٹ کر قتل کر دیا گیا بچے کے والد محمد عمر کمبو کی وزیر اعلی محترمہ مریم نواز صاحبہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف صاحب ڈی آئی جی پنجاب سی پی او گوجرانوالہ سے انصاف کی اپیل کہ اس کے بیٹے کے قاتلوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے اور ان کو کڑی سے کڑی سزا دی جائے تا کہ کسی اور ماں کی گود نہ اجڑ سکے۔

کرنٹ لگنے سے مزدور اور مکان مالک موقع پر جاں بحق

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) تھانہ چھب کلاں کی حدود میں واقع نواحی گاؤں چک نمبر 76 پندرہ ایل بلوچاں والا میں کرنٹ لگنے کا افسوسناک واقعہ پیش آیا، جس میں ایک مزدور اور مکان مالک موقع پر جاں بحق ہو گئے، ذرائع کے مطابق مزدور محمد شعبان ولد مٹھو خان دوران کام پنکھے کا رخ تبدیل کر رہا تھا کہ اچانک اسے کرنٹ لگ گیا، اسے بچانے کے لیے مکان مالک شہزاد ولد رفیق خان بکے نے فوری طور پر مداخلت کی، تاہم وہ بھی کرنٹ کی زد میں آ کر جان کی بازی ہار گیا، جاں بحق ہونے والے دونوں افراد کا تعلق اسی گاؤں سے تھا اور آپس میں قریبی رشتہ دار بھی تھے۔ متوفی محمد شعبان 6 بچوں کا باپ تھا جن میں 4 بیٹے اور 2 بیٹیاں شامل ہیں، جبکہ شہزاد کے 5 بچے ہیں، جن میں 3 بیٹے اور 2 بیٹیاں شامل ہیں، واقعے کے بعد گاؤں میں کہرام مچ گیا، ہر آنکھ اشک بار ہے اور اہلِ علاقہ شدید غم و سوگ کی کیفیت میں مبتلا ہیں۔

فراڈیوں نے امداد کا لالچ کا دے کر

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7) 21 جولائی 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ

ہفت روزہ قوت

اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے حرفوں سے ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مخلوط الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت ناقابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

بقیہ — **1**

1224.3 ملین ڈالر رہے۔ مالی سال 25-2024 میں پاکستان کوئلہ درآمد کرنے والا تیسرا بڑا ملک رہا جس نے 2457 ملین ڈالر کا ایف ڈی آئی موصول ہوئی، جس میں سے 49.9 فیصد چین سے آئی، جس نے اسے پاکستان میں سب سے بڑا سرمایہ کار بنا دیا۔ کوئلہ اور توانائی کے علاوہ، دیگر اہم درآمدی اشیاء میں 283.1 ملین ڈالر سے سرکہ لینڈ 203.3 ملین، برطانیہ 201.8 ملین، جنوبی کوریا 96.2 ملین، ملائیشیا 42.8 ملین، جاپان 40.1 ملین، امریکہ 35.4 ملین اور 10 ملین ڈالر کی سویابین شامل ہیں۔ یہ چین کے سرمایہ کاروں کی سب سے بڑی دلچسپی کا شعبہ رہا ہے ایک ہے۔ 2024-25 میں چین نے 702.2 ملین ڈالر کا ایف ڈی آئی حاصل کی، الیکٹریکل مشینری کیلئے 176 ملین، ٹرانس اور لیس آلات کیلئے 123.5 ملین، الیکٹرانک پر 95.9 ملین، انفارمیشن ٹیکنالوجی کے 37 ملین، فوڈ کیلئے 42 ملین، پلاسٹک اور ڈائی ریفائنگ کیلئے 37.5 ملین اور کیمیکل سیکٹر کو 25.7 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری ہوئی۔

بقیہ — **2**

ضلع میں 33، کنڈاب، گلستان جوہر، گلشن اقبال، شاہ فیصل کالونی، ایئرپورٹ کے اطراف، طارق روڈ، بلوچ کالونی اور دیگر علاقوں میں بارش کے بعد بجلی غائب کا متعلقہ شکایت کرنے کی ہیں۔ کراچی کے گنجی علاقوں اور گلیوں میں بارش ہوتے ہی بجلی جنریٹر کی نذر ہو گئی، جنریٹر سے نکلنے والے دھوئیں سے بھی شدید بدبو پھیلی، سندھ کے دیگر شہروں میں بھی شدید بارشوں کی اطلاعات ہیں، حیدرآباد، سکھر، نوابشاہ، میرپور خاص، شہداد کوٹ، چیر پور، ٹنڈو محمد خان شاہ اور پرل میوسلا بارش ہوئی، جس سے بارش کا پانی کھڑا ہو گیا، بارش کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر ہوئی، بارش کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر ہوئی، بارش کے باعث ٹریفک جام ہو گئی، بارش کے باعث شہری گھروں میں محصور ہو کر رہ گئے

حکومت سیکسر اور مہنگائی کے ذریعے عوام کا خون نچوڑ رہی ہے، ضیاالدین انصاری

عوام کے سلگتے مسائل پر جماعت اسلامی کے علاوہ کوئی آواز موجود نہیں، حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ سلیب سسٹم اور بجلی کے بلوں پر غیر منصفانہ سیکسر کا خاتمہ کیا جائے

شوگر مافیا کو لگام دی جائے، اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کی لاکر مہنگائی پر قابو پایا جائے، جماعت اسلامی لاہور کا پریس کلب لاہور کے باہر احتجاج

لاہور (خبر نگار) جماعت اسلامی لاہور کے زیر اہتمام شرکِ مافیا، بجلی بجلی، گیس اور پیٹرول کی قیمتوں میں حالیہ چوتھے خلاف شدید احتجاجی مظاہرے کے خلاف امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاالدین انصاری ایڈووکیٹ پریس کلب کے باہر منعقدہ احتجاجی مظاہرہ کیا گیا، اس کی قیادت امیر جماعت اسلامی لاہور جناب ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کی۔ احتجاجی مظاہرے میں شرکاء نے مہنگائی کے خلاف شدید نعرے بازی کی اور حکومت کی عوام دشمن پالیسیوں کے ساتھ ساتھ انرجی ایڈجسٹمنٹ کے خاتمہ کیلئے سخت مظاہرہ کیا۔ مظاہرین نے بجلی بلوں کی ہولی جلائی۔ مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے جناب ضیاء الدین انصاری نے کہا کہ سلیب سسٹم کے خاتمے کا اعلان کیا گیا تھا لیکن اس کا کوئی نام و نشان نہیں ہے، عوام کو ریلیف دینے کے بجائے ان پر مہنگائی کے بم گرائے جا رہے ہیں، حکومت نے بجلی، گیس اور پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے کیخلاف احتجاجی مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے، ان کے ہمراہ ڈسٹرکٹ امیر چوہدری محمد شوکت، خالد احمد بھٹی، ڈپٹی ڈسٹرکٹ امیر لاہور شہر، ڈسٹرکٹ امیر لاہور کینٹ، ڈسٹرکٹ امیر لاہور شمالی، ڈسٹرکٹ امیر لاہور جنوبی، ڈسٹرکٹ امیر لاہور مغرب، ڈسٹرکٹ امیر لاہور مشرق، ڈسٹرکٹ امیر لاہور وسطی، ڈسٹرکٹ امیر لاہور ساؤتھ، ڈسٹرکٹ امیر لاہور ویسٹ، ڈسٹرکٹ امیر لاہور ایسٹ، ڈسٹرکٹ امیر لاہور نارتھ، ڈسٹرکٹ امیر لاہور سنٹرل، ڈسٹرکٹ امیر لاہور ساؤتھ ایسٹ، ڈسٹرکٹ امیر لاہور نارتھ ایسٹ، ڈسٹرکٹ امیر لاہور ساؤتھ ویسٹ، ڈسٹرکٹ امیر لاہور نارتھ ویسٹ، ڈسٹرکٹ امیر لاہور سنٹرل ایسٹ، ڈسٹرکٹ امیر لاہور سنٹرل ویسٹ، ڈسٹرکٹ امیر لاہور ساؤتھ سنٹرل، ڈسٹرکٹ امیر لاہور نارتھ